Scanned by CamScanner

زود اثر، بے ضرر اور مجرب نسخہ جات کا سدا بہار شاہکار

طلسمی نسخے

مرتب اول

حکیم حبیب احمد خاں اشعر دہلوی
نواسہ، مسیح الملک حکیم حافظ محمد اجمل خاں"

ترتیب جدید و نظر ثانی

حکیم حافظ طاہر محمود بٹ
فاضل الطب والجراحت

اعجاز پبلشنگ ہاؤس
۲۰۶۰ کوچہ چیلان، دریا گنج، نئی دہلی ۱۱۰۰۰۲

تقریظ

پروفیسر حکیم سید صابر علی ایم اے

موجودہ سائنسی اور ترقی یافتہ دور میں انسان اپنے امراض سے فوری نجات چاہتا ہے اور وہ ایسے علاج اور ادویہ کی تلاش میں ہے جو اپنی اثر پذیری کے اعتبار سے جادو اثر تصور کی جا سکیں۔

طب قدیم کے بارے یہ تصور مبنی برحقیقت ہے کہ یہ علاج ست رو مگر دیرپا ہے لیکن بعض نسخہ جات ایسے بھی ہیں جو طلسماتی اثرات رکھتے ہیں۔ ایسے ہی طلسماتی نسخہ جات کا ایک مجموعہ --- طلسمی نسخے --- کے عنوان سے قارئین کی خدمت میں پیش کرنے کا شرف ادارہ) کو حاصل ہو رہا ہے۔ کوئی شک نہیں کہ ہر فرد کے مزاج اور جغرافیائی حالات کی وجہ سے اور یہ تمام افراد پر ایک جیسے اثرات مرتب نہیں کرتے' تاہم اس مجموعہ کے اکثر نسخہ جات اپنے طلسماتی اثر کی بنا پر قابل اعتماد ہیں۔

اس مجموعہ کے اکثر نسخہ جات اگرچہ ایک مخصوص شعبہ علاج تک محدود نظر آتے ہیں تاہم تمام نسخہ جات خوب ہیں۔

ایسی ادویہ جو آج کی مہنگائی کے دور میں سستی بھی ہوں اور با آسانی دستیاب بھی ہوں' ایک نعمت عظمیٰ سے کم نہیں۔ طلسمی نسخے اس سلسلہ میں ایک اہم خدمت کا ذریعہ ثابت ہوں گے۔ حافظ طاہر محمود بٹ کی طرف سے ایسی کتب کی اشاعت مکرر ایک جرأت مندانہ مگر قابل تعریف جسارت بھی ہے اور طب کے لیے عظیم خدمت بھی۔ خدا ان کی اس خدمت کو قبول فرمائے۔ (آمین)

سید صابر علی

فہرست

(الف)

(1) اکسیر جریان

جریان منی میں بے نظیر اور بہت مفید ہے۔

نسخہ :- ورق نقرہ ایک تولہ کو دو ہفتہ آب گل سرخ بہاری میں کھرل کر کے گولہ بنا لیں اور ایک بڑے اپلے کے درمیان رکھ کر پانچ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ ہو گا۔ یہ کشتہ ایک رتی چھلکا اسپغول، دانہ الائچی خورد، ست سلاجیت، موصلی سفید ہر ایک دو رتی ملا کر دودھ کے کھویا کے ہمراہ کھائیں۔

(2) اکسیر جریان

جریان، احتلام، سرعت انزال کی مجرب اور مفید دوا ہے۔

نسخہ :- مغز تخم تمر ہندی بریاں، صمغ عربی، موصلی سفید ہر ایک دو تولہ۔ سنگھاڑا خشک، مازو سبز، ثعلب مصری ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ قلعی 6 ماشہ۔ نبات سفید تمام کے ہم وزن، ادویہ باریک کوٹ پیس کر سفوف کر لیں۔

مقدار خوراک :- 3 سے 6 ماشہ تک ہمراہ دودھ۔

(3) اکسیر جریان

جریان کے لئے ازحد مفید ہے۔

نسخہ :- مغز تخم تمر ہندی کلاں، تخم لاجونتی، تال مکھانا ہر ایک ایک تولہ سب کو کوٹ کر شیر برگد میں تر کر کے سائے میں خشک کریں اور حبوب بقدر نخود بنا لیں۔

مقدار خوراک : صبح و شام تین تین گولیاں ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

(4) اکسیر کثرت احتلام

کثرت احتلام کے لئے بے حد مفید ہے۔

نسخہ :- تخم قسب، کندر، بلوط، گلنار ہر ایک چھ ماشہ کوٹ چھان کر پانی کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں بنا لیں۔

ترکیب استعمال : تین یا چار گولیاں سوتے وقت پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

(5) اکسیر جریان حار

حرارت و حدت منی والے جریان کے لئے تیر بہدف ہے۔

نسخہ :- سبوس اسپغول، کھیرا ہر ایک ایک تولہ سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک : ہر روز ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ یا پانی کے ساتھ صبح کے وقت استعمال کریں۔

(6) اکسیر سرعت انزال

سرعت انزال کے لئے مفید ہونے کے علاوہ کثرت بول کے لئے بھی مفید ہے۔
نسخہ : کتار فارسی' مصطگی رومی' طباشیر ہر ایک تین ماشہ۔ تخم خشخاش سفید ساڑھے چار ماشہ۔ ثعلب مصری 6 ماشہ۔ خولنجان' کندر' جفت بلوط ہر ایک ساڑھے چار ماشہ۔ شکر سفید ہم وزن لے کر کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔
مقدار خوراک : ساڑھے چار ماشہ پانی کے ہمراہ روزانہ استعمال کریں۔

(7) اکسیر سرعت انزال

سرعت انزال کے لئے مفید ہونے کے علاوہ کثرت بول کے لئے بھی تیر بہدف ہے۔
نسخہ : کتار فارسی' مصطگی رومی' طباشیر کبود ہر ایک تین ماشہ۔ تخم خشخاش سفید ساڑھے چار ماشہ۔ ثعلب مصری پنجہ والی 6 ماشہ۔ خولنجان' کندر' جفت بلوط ہر ایک ساڑھے چار ماشہ۔ شکر دیسی ہم وزن کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔
مقدار خوراک : ساڑھے چار ماشہ ہمراہ پانی صبح و شام۔

(8) اکسیر سوزاک

سوزاک میں بے حد نافع ہے۔
نسخہ : اصل السوس نیم کوفتہ 2 تولہ۔ کباب چینی ایک تولہ۔ قاقلہ صغار 12 عدد۔ شورہ قلمی 3 ماشہ۔ شورہ خام 5 تولہ سب کو دو سیر پانی میں بھگوئیں۔ صبح چھان کر مٹی کی روغنی ہنڈیا میں اس قدر پکائیں کہ تمام پانی اڑ جائے۔ نمک سا باقی رہے تو چاقو سے کھرچ کر کھرل میں پیس لیں۔
ترکیب استعمال : ایک ماشہ سے تین ماشہ تک حسب برداشت گائے کے دودھ سے کھائیں۔

(9) اکسیر سوزاک

پرانے سوزاک کے لئے اکثر حالات میں بے بہا تحفہ ہے۔
نسخہ : زرد چوب' آملہ مقشر ہر ایک چار تولہ۔ نبات سفید 8 تولہ سفوف بنا لیں۔
مقدار خوراک : سات ماشے سے ایک تولہ تک پانی کے ہمراہ کھائیں۔

(10) اکسیر جذام

جذام' برص' خارش اور آتشک کو رفع کرتا ہے۔
نسخہ : جل نیم 8 ماشہ۔ فلفل گرد 8 عدد۔
ترکیب استعمال : ہمراہ صبح کو پانی سے گھوٹ کر استعمال کریں۔

(پ)

(11) پٹی برائے جالق

اس پٹی کے چند روزہ استعمال سے مجلوق (مشت زن) کے جملہ عوارض کا ازالہ ہو جاتا ہے۔
نسخہ : چربی شیر' چربی سور ہر ایک ایک تولہ۔ دونوں کو ملا کر گرم کریں۔ بعدہ' سنکھاڑا سفوف کر کے ڈیڑھ ماشہ ملا دیں۔
ترکیب استعمال : جب خوب غلیظ ہو جائے تھوڑا سا لے کر کپڑے پر لگا دیں اور اس کپڑے کو سر قضیب اور سیون چھوڑ کر باندھ دیں۔ تین روز بندھا رہنے دیں۔ چوتھے روز کھول کر شراب سے دھوئیں اور چار پہر تک قضیب کو کھلا رکھیں۔ بعد میں ترکیب مذکور سے دوسری پٹی باندھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مجلوق صحت پا لیتا ہے۔

(12) پٹی برائے قوت باہ عجیب

جلق یا اغلام سے اگر عضو مخصوص میں ضعف واقع ہو گیا ہو تو اس پٹی کے چند روزہ استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے۔
نسخہ : قرنفل 9 عدد' دار چینی ایک تولہ۔ زعفران ایک تولہ۔ جوز بوا ایک تولہ۔ ان سب کو روغن کنجد دس تولہ میں چار پہر کھرل کر لیں۔
ترکیب استعمال : صاف کپڑے پر لیپ کریں اور پٹی تیار کر کے استعمال میں لائیں۔

(13) پچکاری سوزاک

یہ پچکاری سوزاک کے لئے بہت مفید ہے۔
سنگ جراحت' رسوت' سفیدہ کاشغری' دم الاخوین' کاغذ سوختہ' گل ارمنی' کتھا سفید' صمغ عربی' مصطگی رومی افیون ہر ایک ایک ماشہ سفوف کر کے روغن گل سے چرب کریں۔

ترکیب استعمال: اس کے بعد ابلے پانی میں گھول کر پچکاری کریں۔
چند روز کے استعمال سے شفا حاصل ہو گی۔ بے حد مجرب اور معمول مطب ہے۔

(14) پچکاری سوزاک

سوزاک کے لئے بہت مفید ہے۔
سالٹ 20 گرین۔ آب مصفا 16 اونس' حسب قاعدہ پچکاری کریں۔

(15) پچکاری برائے سوزاک

سوزاک جیسے موذی مرض کے لئے اکسیر ہے۔
نسخہ:۔ سفیدہ کاشغری' پھٹکری بریاں ہر ایک دو ماشہ۔ گلاب 16 تولہ۔ روغن گل 6 تولہ ملا کر بوتل میں رکھ چھوڑیں۔
ترکیب استعمال: ایک تولہ شد تو حا پاؤ پانی میں ملا کر پچکاری کریں۔ بعدہ' بوتل کی ادویہ سے دن بھر میں چار پانچ مرتبہ پچکاری کریں۔

(ت)

(16) تریاق باہ و امساک

طب یونانی کا مایہ ناز نسخہ ہے۔ تقویت باہ اور امساک میں بہت مفید ہے۔
نسخہ:۔ جاوتری' دار چینی' جائفل' مغز تخم املی' تل کھانا' موچرس' طباشیر' ثعلب مصری' مغز بنولہ ہر ایک ایک تولہ۔ تمام اشیاء کو جدا جدا کر کے باریک کر لیں۔ بعد ازاں سب کو ملا کر ایک جان کر کے بادام روغن شیریں سے چرب کر لیں اور پانچ تولہ خالص شہد دیسی ملا کر بقدر جنگلی بیر بنائیں اور ہر گولی اصلی چاندی کے ورق میں لپیٹ کر سائے میں خشک کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک یا دو گولی حسب برداشت شربت خشخاش' خانہ ساز 2 تولہ سے نگل لیں شربت دو تولہ سے زائد نہ ہو۔ شربت میں پانی نہ ملایا جائے۔ گولی کھانے کے بعد کوئی چیز نہ کھائیں۔ ترش و ثقیل اشیاء سے پرہیز کھانا شام کے چھ بجے کھائیں۔
نوٹ: گولی سے تین گھنٹہ بعد کھانا کھائیں۔

(ج)

(17) جوارش ہندی

مقوی باہ اور ممسک ہے۔ نعوظ خوب لاتی ہے۔ مردی کے اعصاب' استرخائے آلت میں بالخاصہ مفید ہے۔
نسخہ - عاقر قرحا' جائفل' جاوتری' قرنفل' بہمن سفید' سنگھاڑا خشک' دانہ الائچی خورد' فلفل سیاہ' آملہ' زنجبیل' فلفل دراز مساوی الوزن کوٹ کر کے تین گنا شہد میں ملا لیں۔
ترکیب استعمال: روزانہ بقدر ضرورت کھائیں' سرد پانی اور ترش اشیاء کے استعمال سے پرہیز کریں۔

(18) جوارش کمل

نعوظ اور ہیجان شہوت کے لئے مجرب ہے۔
نسخہ:۔ عود ہندی' مصطگی رومی' دار چینی' زنجبیل' اندر جو شیریں' بسباسہ' جوزبوا' قرنفل ہر ایک ساڑھے دس ماشہ۔ مشک خالص 3 ماشہ۔ اگر دستیاب نہ ہو تو ساذج ہندی 9 ماشہ۔ عرق بید مشک 6 تولہ۔ شکر سفید حسب ضرورت لے کر اور قوام تیار کر کے ادویہ سحوق شامل کر دیں اور قوام تیار کر کے ادویہ سحوق شامل کر دیں
مقدار خوراک:۔ بقدر 5 ماشہ خیساندہ نخود کے ہمراہ استعمال کریں۔

(19) جوارش اکبر

جناب حکیم مولوی اکبر حسین صاحب الہ آبادی کا ہمیں اور آپ کو شکر گزار ہونا چاہئے کہ اس ہمدرد فن نے سینکڑوں ایسے جواہرات سے تولنے کے قابل نسخے عوام کو دیئے۔ محض رفاہ عام کی خاطر عام اطباء کی روش کے خلاف شائع کر رہے ہیں۔ یہ نسخہ بھی حکیم صاحب موصوف کی خاص الخاص بیاض کا اکسیری نسخہ ہے۔
مفتح سدس' مقوی ممسک' محرک' دافع جریان' سرعت' رقت کے لئے بے حد مفید ہے۔ پہلی ہی خوراک کے استعمال سے سرور و خوشی حاصل ہوتی ہے۔ دل میں جوش پیدا ہو جاتا ہے۔
نسخہ:۔ مغز بادام' مغز چلغوزہ' مغز پستہ' مغز اخروٹ' مغز بلادر مدبر ہر ایک ایک تولہ' کچلہ مدبر ڈیڑھ تولہ۔ اسگند ناگوری' خولنجان' تخم پلونن گیارہ گیارہ ماشہ۔ ریگ ماہی۔ ماہی روبیاں ایک ایک تولہ۔ ساذج ہندی' دار چینی' زعفران' جوزبوا' ہر ایک نو ماشہ۔ زنجبیل' قرنفل' سنبل الطیب ہر ایک سوا تولہ۔ ثعلب مصری پنجہ' شقاقل مصری بہمن' تودرین ہر

ایک دو تولہ۔ تخم کونچ 9 ماشہ۔ مصطگی رومی ڈھائی تولہ۔ درہن ورونج چار تولہ۔ ورق نقرہ ایک تولہ۔ ورق طلا 3 ماشہ۔ مشک خالص 3 ماشہ۔ عنبر اشہب 4 ماشہ۔ مروارید 4 ماشہ۔ آخری پانچ دواؤں کو چھوڑ کر باقی دواؤں کا سفوف بنائیں اور تین گنا شہد میں جوارش بنائیں پھر مشک وغیرہ حسب معمول شامل کر دیں۔

مقدار خوراک :۔ 4 ماشہ سے 6 ماشہ حسب قوت مریض' تازہ گائے کے دودھ کے ساتھ۔

جوارش مصطگی (20)

باہ کو قوت دیتی ہے۔ اگر کسی وجہ سے شہوت زائل یا کم ہو گئی ہو تو اس جوارش کے چند روزہ استعمال سے فائدہ ہو جاتا ہے۔ بارہا تجربہ کیا گیا ہے۔

نسخہ :۔ مشک 9 رتی۔ قنفل ایک مثقال۔ قرنفل تین درم۔ سنبل الطیب 3 درم۔ جوزبوا 3 درم۔ لسان العصافیر 3 درم۔ تج اذخر 3 درم۔ زنجبیل 3 درم۔ دارچینی 3 درم۔ مصطگی 3 درم۔ ثمر بندی 3 درم۔ زعفران 3 درم۔ اشنہ 2 مثقال۔ گلاب 10 مثقال۔ قند کو گلاب میں حل کر کے اور شہد سہ گنا یا جس قدر ضرورت ہو اس میں ملا کر قوام کر لیں۔ جب قوام تیار ہو جائے تو آگ پر سے اتار کر تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر اس میں ملا لیں اور ایک مثقال روزانہ صبح کے وقت استعمال کریں۔

جوارش جالینوس (21)

یہ جوارش منافع کثیرہ کی حامل ہے۔ تمام اعضاء کو قوت دیتی ہے۔ بوئے دہن کو خوشبودار کرتی ہے۔ پیشاب کی زیادتی جو برودت کی زیادتی کے سبب ہو' روکتی ہے۔ تقویت باہ میں خاص طور سے مفید ہے۔ وحشت و خفقان کو دور کرتی ہے۔ درد سر' بلغمی کھانسی' بواسیر' نقرس گردہ اور مثانہ وغیرہ کے لئے نافع ہے۔ بالوں کی سیاہی کی محافظ ہے۔ اطباء کا قول ہے کہ جس کسی نے بیس روز تک یہ جوارش متواتر استعمال کر لی وہ جمیع امراض مذکورہ سے محفوظ و مامون ہو جائے گا۔

نسخہ :۔ سنبل الطیب' سلیخہ' دارچینی' خولنجان' قرنفل' سعد زنجبیل' قنفل' قسط بحری' عود بلسان' اسارون' تخم مورد' قصب الذریرہ' زعفران ہر ایک 2 درم۔ مصطگی 3 درم۔ قند سفید ہم وزن ادویہ تمام اجزاء کو کوٹ چھان کر دو چند شہد خالص میں جوارش تیار کریں۔

مقدار خوراک :۔ 2 مثقال سے 3 مثقال تک کھانا کھانے سے پہلے استعمال کریں۔

جوہر مرتک (22)

آتشک اور پرانے سے پرانے سوزاک کے لئے یہ جوہر اکسیر ہے۔ قرحہ کو بھر دیتا ہے۔

سحیا کو دور کرتا ہے۔

نسخہ : مرتک دو تولہ۔ رسکپور ایک تولہ۔ دار چکنا 6 ماشہ۔ برانڈی اعلیٰ قسم کی 10 تولہ۔ برانڈی میں کھرل کر کے خشک کریں اور حسب معمول جوہر اڑا لیں۔

ترکیب استعمال : دو چاول جوہر کیپسول میں رکھ کر اس طرح نگل لیں کہ دانتوں کو نہ لگے۔ اوپر سے عرق شاہترہ 10 تولہ شربت بزوری 2 تولہ پی لیں۔ گھی دودھ جس قدر ہضم ہو سکے کھائیں۔

(ح)

حب جریان (23)

جریان اور احتلام کے لئے بہت مفید ہے۔

نسخہ :۔ تخم کرفس' اجوائن خراسانی' مغز تخم املی' کوب کلاں ہر ایک ایک تولہ۔ کوٹ چھان کر پانی سے دانہ نخود سے بڑی گولیاں تیار کریں۔

ترکیب استعمال :۔ ایک گولی صبح اور ایک گولی شام تازہ پانی سے کھائیں۔ مناسب پرہیز ضروری ہے۔

حلوا زردی بیضہ مرغ (24)

قوت باہ میں حیرت انگیز اضافہ کرتا ہے۔ یہاں تک کہ بفضلہ نامرد بھی مرد بن جاتا ہے۔ سریع الاثر اور مجرب ہے۔

نسخہ :۔ مغز پنبہ دانہ' عرق پیاز ہر ایک پاؤ سیر۔ زردی بیضہ مرغ 12 عدد۔ بسباسہ آدھا پاؤ۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ ہر ایک پانچ تولہ۔ اول پنبہ دانہ کو بریاں کر کے مغز نکالیں۔ بعد میں ستاور اور موصلی کو سفوف کریں۔ بسباسہ کو روغن گاؤ میں بریاں کریں۔ جملہ ادویہ مع زردی بیضہ مرغ و قند سفید ڈھائی سیر شامل کر کے حلوہ تیار کر لیں۔

ترکیب استعمال : چھ ماشہ سے ایک تولہ ہمراہ دودھ صبح و شام استعمال کریں۔

حب شقاقل (25

نسخہ :۔ شقاقل 2 تولہ۔ مایہ شتر اعرابی چھ ماشہ۔ بہمن سفید 6 ماشہ۔ مایہ شتر اعرابی کو عرق گلاب خالص میں حل کریں۔ باقی ادویہ کو باریک کر کے ملائیں۔ شہد خالص 2 تولہ میں حل کریں۔ باقی ادویہ کو باریک کر کے ملائیں۔ شہد خالص 2 تولہ اضافہ کر کے 21 گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک :۔ ایک گولی ہمراہ دودھ۔

(26) حب موصلی

مقوی باہ مغلظ و ممسک بھی ہے۔ مجرب اور معمول مطب ہے۔ شرطیہ فائدہ کرتی ہے۔

نسخہ :۔ موصلی سیاہ سوا پاؤ باریک کر کے شیر گاؤ میں جوش دیں۔ دودھ جذب ہو جائے تو سایہ میں خشک کریں۔ پھر جائفل بسباسہ ہر ایک تولہ باریک کر کے سفوف بنا کر شہد قوام میں ملا کر تمام کو یک جان کریں اور حبوب بنائیں۔

ترکیب استعمال : حسب مزاج استعمال کریں۔ اگر قدرے چہار مغز بھی ملا لیں تو اور عجیب صفت ہو جاتی ہے۔

(27) حب مغلظ

منی کو گاڑھا کرتی ہے۔ باہ کو تقویت دیتی ہے اور امساک بھی پیدا کرتی ہے۔

بوزیدان 3 ماشہ۔ بزر البنج' تخم خشخاش سفید ہر ایک 6 ماشہ۔ افیون 2 ماشہ۔ تخم کاہو 6 ماشہ۔ شقاقل 3 ماشہ۔ زعفران' سعد کوفی' مغز بادام' مغز کدو شیریں' مغز نارجیل' صمغ عربی' کتیرا ہر ایک 6 ماشہ۔ بہمن سفید' خصیۃ الثعلب ہر ایک 3 ماشہ۔ جوزبوا' بسباسہ' قرنفل' مصطگی رومی' صندل سفید' طباشیر سفید' مغز گردگاں' مغز فندق ہر ایک 6 ماشہ۔ کہربائے شمعی 2 ماشہ۔ بہمن احمر 4 ماشہ۔ پنبہ دانہ' مغز تخم تربوز' برگ گاؤزباں ہر ایک 6 ماشہ۔ مشک 2 ماشہ۔ مغز تخم تربندی 6 ماشہ۔

ان دواؤں کو کوٹ چھان کر نخود کے برابر گولیاں بنا لیں۔

مقدار خوراک : 2 سے چار گولی تک دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

(28) حب لقمانی

ضعف جگر و ضعف دماغ دور کرنے والی جریان کو کھونے والی اور بے حد ممسک ہے۔

نسخہ :۔ رب السوس' اجوائن خراسانی مدبر' عاقر قرحا' جوزبوا' قرنفل' جاوتری ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔ پوست بیخ دھتورہ ایک تولہ۔ شیر خشت تازہ ایک تولہ۔ افیون 6 ماشہ۔ جملہ ادویہ ایک چھوٹے خشک ناریل میں داخل کر کے منہ بند کر کے ناریل کے اوپر برگ دھتورہ سیاہ نیم کوفتہ کا ایک انگل موٹا لیپ کر کے اور کپڑوں میں لپیٹ کر جنگلی کنڈوں کی تازہ بھوبل میں دفن کر دیں تاکہ خوب پک جائے۔

علی الصباح ناریل کو گرد و غبار سے پاک کر کے خشخاش سیاہ کے خالص دودھ میں تین پہر بلا روک مسلسل کھرل کریں۔ بعد میں کشتہ چاندی ڈیڑھ ماشہ کشتہ یاقوت ڈیڑھ ماشہ کشتہ

فولاد ڈیڑھ ماشہ ملا کر دوبارہ شہد خالص کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں بنا لیں۔

ترکیب استعمال :۔ جریان کے لئے صبح و شام تازہ شیر گاؤ پاؤ سیر کے ہمراہ ایک گولی ہر روز بلا ناغہ استعمال کریں۔ ضعف دماغ و جگر کے لئے سوتے وقت ایک گولی ہمراہ شیرہ روغن زرد 9 ماشہ ملا کر استعمال کریں اور امساک کے لئے دو گھنٹہ قبل ایک گولی ہمراہ دودھ کے کھائیں۔ بعد مغرب تھوڑی سی روٹی کچھ شیرینی کے ہمراہ کھائیں تاکہ بھوک باقی رہے۔ عشا کے بعد ایک اور گولی استعمال کر کے اوپر سے صرف پان کھائیں۔ علاوہ ازیں ایک پیالی دودھ میں مصری ابال کر پی لیں۔ جس وقت تشنگی یا پیاس محسوس ہو اس وقت رکھا ہوا دودھ پی لیں۔ جب طبیعت سیر ہو کر ٹالنا ہو تو آلو بخارا خوب چبا کر کھائیں۔ گردن کی دونوں رگوں پر عرق لیموں کاغذی ملیں۔

(29) حب مقوی باہ

یہ گولیاں باہ کو تقویت دینے میں بے نظیر ہیں اور مجرب بھی۔

نسخہ :۔ کشتہ سم الفار ایک ماشہ۔ کچلہ مدبر ایک تولہ۔ ست لوبان خانہ ساز ایک تولہ۔ کشتہ فولاد ایک تولہ۔ مشک خالص ایک ماشہ۔ زعفران چھ ماشہ۔ ورق طلا 30۔ ورق نقرہ یک صد عدد باریک پیس کر شہد خالص کے ہمراہ گولیاں بقدر دانہ جو تیار کریں۔

مقدار خوراک :۔ ایک گولی سے دو گولی تک بعد ہضم طعام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔ ترشی و بادی چیزوں سے پرہیز کریں۔

(30) حب مقوی باہ

تقویت باہ میں بے نظیر ہیں لیکن مجلوقین اس کو استعمال نہ کریں۔

نسخہ :۔ مشک خالص ایک ماشہ جاوتری 2 ماشہ۔ بیربہوٹی 4 عدد۔ تودری سرخ 2 ماشہ باریک کر کے شیر برگد کی مدد سے حبوب نخودی تیار کریں اور ایک گولی روزانہ شیر گاؤ کے ساتھ استعمال کریں۔

(31) حب مروارید

یہ حب مقوی باہ اور مقوی اعصاب و مغلظ منی ہے۔ ضعف اعضائے رئیسہ میں بے حد مفید ہے۔ بھوک پیدا کرتی ہے۔ ہاضم بھی ہے۔ اعلیٰ درجے کی ممسک اور محرک ہے۔

نسخہ :۔ عود' لونگ' کباب چینی' تخم خرفہ' صندل سفید ہر ایک 10 ماشہ۔ تخم بالنگو 7 ماشہ۔ صندل دراز' گل بابونہ' مروارید ناسفتہ ہر ایک 3 ماشہ۔ زعفران پون ماشہ باریک کر کے عرق گلاب میں گوندھ کر حبوب نخودی بنائیں۔

مقدار خوراک :۔ 4 رتی سے ایک ماشہ تک کھلائیں۔

حب عنبر (32)

مقوی باہ اور مقوی اعضاء رئیسہ ہے اور حد درجہ ممسک بھی' مغلظ بھی اور مقوی دماغ باکمال ہے۔

نسخہ:- مشک خالص' مصطگی' لونگ ہر ایک ساڑھے چار ماشہ' عنبر اشہب' ثعلب مصری' خولنجان ہر ایک 9 ماشہ۔ مایہ شتر اعرابی ایک تولہ۔ ڈیڑھ ماشہ باریک کر کے عرق گلاب میں تر کر کے حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں۔

مقدار خوراک: روزانہ ایک حب ہمراہ دودھ گاؤ تازہ نیم سیر کھا لیا کریں۔

حب جدوار (33)

مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ مغلظ و منعظ اور مقوی باہ ہے۔ شائقین حضرات کے لئے اس سے بہتر اور کیا دوا ہو سکتی ہے۔

نسخہ:- جدوار خطائی' عود ہندی' الائچی خورد' لونگ' بہمن سرخ' سنبل الطیب' دارچینی' لسان العصافیر' مایہ شتر اعرابی ہر ایک تین ماشہ۔ زرنباد' درونج عقربی' صندل سفید' مروارید ناسفتہ' یاقوت سرخ' عود بلسان' قلفل سفید' زنجبیل' ریوند چینی' بادرنجبویہ' ساذج ہندی' جاوتری' خولنجان' کباب چینی' عود صلیب' بوزیدان' تودری سفید' گل سرخ' تخم فرنجمشک' عاقر قرحا ہر ایک دو ماشہ' گاؤزبان' ثعلب مصری' مصطگی' طباشیر' پوست ترنج مشک العنبر ہر ایک پانچ ماشہ۔ عنبر اشہب' مشک تبتی ہر ایک ماشہ۔ بہمن سفید سات ماشہ۔ مصری سفید ایک تولہ آٹھ ماشہ۔ علیحدہ علیحدہ باریک کریں۔ گلاب میں تر کر کے حبوب نخودی بنائیں۔ ورق طلا ایک ماشہ چسپاں کر کے اور بحفاظت تمام رکھ چھوڑیں۔

مقدار خوراک: 2 سے 7 ماشہ تک گاجروں کے رس نیم پاؤ کے ہمراہ استعمال کریں۔

حب ہندی (34)

چند روز کے استعمال سے منی دو سالہ بھی ازالہ بکارت پر قابو حاصل کر لیتا ہے۔
نہایت اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ اور مغلظ ہے۔

نسخہ:- عاقر قرحا' قرنفل' تخم خشخاش' موصلی سفید' کلونجی' جائفل' اسگند ناگوری' قلفل سیاہ ہر ایک ایک تولہ باریک کر کے لعاب اسپغول کے ہمراہ حب بقدر کنار دشتی بنائیں۔

مقدار خوراک:- روزانہ ایک حب ہمراہ شیر گاؤ۔

حب شاہ دیمک (35)

انتہائی محرک باہ ہے۔

شاہ دیمک 1 عدد۔ سلوف دار چینی ایک تولہ۔ دونوں کو کھرل کر کے نخودی گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: حسب برداشت نصف سے ایک گولی تک دودھ کے ہمراہ کھائیں۔

حب مقوی قلب (36)

تقویت قلب کے لئے مفید ہے۔

نسخہ:- بہمن سفید' دارچینی ہر ایک ایک تولہ۔ قاقلہ' ثعلب مصری ہر ایک ایک تولہ۔ مایہ شتر اعرابی نو ماشہ کوٹ پیس کر شہد خالص کی مدد سے نخودی گولیاں بنائیں۔ 4 گولیاں صبح 4 شام آب تازہ کے ہمراہ۔

حب سیماب (37)

مقوی ممسک مشتہی نہایت اعلیٰ درجہ کی ہے۔

نسخہ:- سیماب خالص' کبریت کتھا سفید' قرنفل ہر ایک چار ماشہ۔ اول سیماب اور گندھک کو کھرل کر کے باقی ادویہ ملا لیں اور خوب کھرل کریں۔ بعدہ زردی بیضہ مرغ 5 عدد میں کھرل کر کے بقدر فلفل گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: روزانہ ایک حب کھائیں۔ اوپر سے گائے کا دودھ نیم سیر نیم گرم ایک ہفتہ تک متواتر استعمال کریں۔ بیس دن جماع سے پرہیز کریں۔ اگر استعمال کے دوران غلبہ شہوت ہو تو عرق کاسنی عرق گاؤزبان استعمال کریں۔

حب منشط (38)

حکیم محمد اعظم مرحوم کی بیاض کا نسخہ ہے۔
امساک منی یعنی رکاوٹ میں اپنا ثانی نہیں رکھتا۔

نسخہ:- اسارون' زعفران' تخم کرفس' دارچینی' ریوند چینی' سنبل الطیب' مصطگی ہر ایک ایک مثقال' زرنباد' حب الغار' عاقر قرحا' قرنفل' بسباسہ' صمغ عربی ہر ایک نیم مثقال' الیون ڈھائی مثقال۔

ان سب دواؤں کو کوٹ چھان کر گلاب کی مدد سے چنے کی برابر گولیاں بنا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال: جماع سے چار گھڑی پہلے ایک گولی کھائیں۔

حب ممسک (39)

یہ اکسیری گولیاں باہ کی تقویت کے لئے اور امساک بڑھانے میں خاص طور پر مفید و مجرب اور عظیم الاثر ثابت ہوئی ہیں۔

نسخہ :- کباب چینی' دار چینی' عقر قرحا' ریگ ماہی' خولنجان' زعفران' جوزبوا' ورق نقرہ ہر ایک چھ ماشہ۔ افیون' قرنفل ہر ایک دو ماشہ۔ مشک خالص دو ماشہ۔ ورق طلا ایک ماشہ۔

دوائیں کوٹ پیس کر عرق گلاب میں کھرل کر کے سایہ میں خشک کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک :- ایک ایک گولی صبح و شام دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ امساک کے لئے دو گھنٹہ پہلے کھلائیں۔

حب امساک (40)

یہ گولیاں اس قدر امساک پیدا کرتی ہیں کہ جب تک آلہ منہ میں نہ رکھا جائے انزال نہ ہو گا۔

نسخہ :- کافور' اجوائن خراسانی ایک ایک ماشہ۔ جوزبوا ایک عدد۔ سمندر پھل 12 عدد۔ افیون 4 رتی۔ سب کو باریک کر کے شہد کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک :- جماع سے دو گھنٹہ قبل 2 گولی سے 4 گولی۔

حب ممسک (41)

امساک منی میں بے حد مفید ہے۔

نسخہ :- مشک خالص' جند بید ستر' افیون خالص' موچرس' بیر بہوٹی' ہم وزن لے کر کوٹ چھان کر گولیاں مونگ برابر بنالیں اور سایہ میں خشک کر کے رکھ لیں۔

خوراک :- دو گولی۔

حب مقوی و ممسک (42)

حکیم محمود خاں اعظم والد ماجد مسیح الملک حکیم حافظ محمد اجمل خاں نور اللہ مرقدہ کی بیاض کا نسخہ ہے۔ تقویت باہ اور امساک میں اپنا جواب نہیں رکھتا۔

نسخہ :- کباب چینی' دار چینی' عقر قرحا' ریگ ماہی' خولنجان' زعفران' جوزبوا ہر ایک سات ماشہ۔ افیون 5 ماشہ۔ مشک 3 ماشہ۔ گلاب میں کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

ترکیب استعمال : دو گولی سوتے وقت دودھ کے ہمراہ اور دو گولیاں ادرک کے پانی میں کھرل کر کے عضو مخصوص پر لیپ کریں اور اوپر پان کا پتا باندھیں۔

حب سرعت (43)

سرعت انزال کو رفع کرنے میں مجرب ہے۔

نسخہ :- خصیۃ الثعلب' مصطگی رومی' لاکھ جھربیری سب کو برابر وزن لے کر باریک پیس

کر برگد کے دودھ میں ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ روزانہ چالیس روز تک برابر استعمال کریں۔

حب حزل (44)

امساک کے واسطے یہ گولیاں بہت مفید ہیں۔ ایک گولی قبل ایک گھنٹہ مباشرت سے کھائیں۔ اس سے خاطر خواہ امساک ہو گا اور مباشرت میں تکان محسوس نہ ہو گی۔

نسخہ :- اسپند ڈیڑھ تولہ۔ پوست خشخاش' کجھد سیاہ ہر ایک 7 ماشہ۔ قند سیاہ کشتہ بقدر ضرورت ادویہ کو پیس کر قند سیاہ ملا کر سات گولیاں بقدر بندق بنائیں اور ایک گولی کھائیں۔

حب امساک (45)

نہایت اعلیٰ درجہ کی مقوی ہیں اور ممسک بھی۔

نسخہ :- سماک چوبک' افیون' شنگرف ہم وزن لے کر برگ تلسی کے عرق میں چار گھڑی کھرل کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت ایک گولی مسلم استعمال کریں۔

حب سیماب ممسک (46)

انتہائی درجہ کا امساک پیدا کرتی ہے۔

نسخہ :- پارہ مصفیٰ دو تولہ' آب حرمل تازہ میں ایک ہفتہ کھرل کر کے گولی بنالیں۔ بے حد ممسک اور مقوی ہے۔

ترکیب استعمال :- اس گولی کو منہ میں رکھ کر مشغول ہوں۔ جب تک منہ سے گولی نہ نکالیں گے انزال نہ ہو گا۔

حب ممسک (47)

امساک منی اور تقویت منی اور کمر کے لئے بہت نفع رساں ہے۔ بارہا کا تجربہ شدہ ہے۔

مشک' قرنفل' جوزبوا' سعد کوفی' خرفہ' سنبل الطیب' پوست اترج' عود ہندی مساوی الوزن کوٹ چھان کر آب ثمر زرد آلو میں ملا کر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال : ہر روز چنے کے برابر صبح و شام ایک ایک گولی منہ میں رکھیں

حب مقوی ممسک (48)

اطبائے ہند کی مجرب اور معمولہ ہیں۔ انتہا سے زیادہ مقوی اور ممسک ہیں۔ اگر کوئی شخص اس قدر کمزور ہو کہ عورت پر قابو قادر نہ ہو سکے تو اللہ کے حکم سے ان گولیوں کے

استعمال سے قادر ہو گا۔

کچلہ دس درم لے کر اس قدر گائے کے دودھ میں بھگوئیں کہ اس کے پوست اتر جائیں۔ چھلکا دور کر کے فلفل دراز فلفل سیاہ ہر ایک 5 درم کوٹ چھان کر سب کو ایک جگہ کر کے گولیاں بنائیں۔ گولی کا وزن نیم درم سے ایک درم تک ہونا چاہئے۔

مقدار خوراک :- ایک گولی علی الصباح۔

ترشی اور بادی اشیاء سے اور جماع سے پرہیز ضروری ہے۔

حب مقوی و ممسک (49)

تقویت باہ اور امساک کے لئے بہت مفید ہے۔

نسخہ :- زعفران ایک ماشہ' قرنفل ایک ماشہ۔ جوزبوا ایک ماشہ۔ بسباسہ 2 تولہ۔ دارچینی ایک ماشہ۔ ست لوبان خانہ ساز ایک ماشہ۔ مشک خالص 4 رتی۔ افیون خالص مدبر 2 ماشہ۔ اجوائن خراسانی 2 ماشہ۔ عقرقرحا ایک ماشہ۔ شہد خالص میں بقدر نخود گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال : قوت باہ کے لئے ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ اور امساک کے لئے ایک ماشہ قبل از جماع 3 گھڑی استعمال کریں۔

حب ملذذ (50)

لذت کے واسطے یہ گولیاں عجیب و غریب ہیں۔

کباب چینی' عاقرقرحا' زنجبیل' بھنگ مساوی ہم وزن سفوف کر کے گولیاں بنا کر رکھیں۔

طریقہ استعمال : ایک گولی منہ میں تھوڑی دیر رکھیں۔ اس کے بعد لعاب دہن عضو تناسل پر لگا کر خشک ہو جانے کے بعد وظیفہ زوجیت میں مشغول ہوں۔

حب خوش کیف (51)

امساک کے باب میں بے بدیل ہے۔

نسخہ :- جوزبوا' خولنجان' مصری' ہر ایک دو درم۔ بسباسہ ایک درم۔ انیسون' مصری مصطگی ڈیڑھ درم۔ جدوار ایک درم۔ خصیۃ الثعلب دو درم۔ چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک : اور مزاج کے مطابق استعمال کریں۔ ثقیل اور بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔

حب منزل زن (52)

عورت کو منزل کرنے میں بہت مفید ہے۔

سیماب نیم جز' تنکار' کافور ہر ایک ایک جز۔ شہد چو جز۔ آپس میں پیس کر شہد کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال : وقت ضرورت سوائے حشفہ کے تمام قضیب پر ملیں اور جماع کریں۔ عورت فوراً منزل ہو جائے گی۔

حب جذام (53)

یہ گولیاں جذام کے لئے انتہائی نفع بخش اور اطبائے ہند کے نزدیک معتبر ہیں۔

پارہ 6 ماشہ۔ سم الفار 4 ماشہ۔ کندر 2 ماشہ۔ ریوند چینی 9 ماشہ۔ گوند ببول 9 ماشہ۔ آب لیموں سو عدد میں کھرل کر کے بقدر سیاہ مرچ گولیاں بنائیں۔ اور ایک دو دفعہ دن میں دیں۔ ترشی سے پرہیز کریں اور سرخ مرچ بھی نہ کھائیں۔

حب توتیا (54)

حکیم اجمل خاں مرحوم کی بیاض سے منقول ہے۔ آتشک کے لئے بے حد مفید ہے۔ خوبی یہ ہے کہ استعمال میں کسی قسم کا پرہیز نہیں۔

نیلا تھوتھا 10 ماشہ۔ برگ تمسی 40 عدد کوٹ چھان کر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال : ان گولیوں میں سے ایک گولی پھینک دیں۔ سات گولیاں ہر روز ایک گولی کے حساب سے سات روز تک استعمال کریں۔

حب آتشک (55)

آتشک کے لئے نہایت مفید ہے۔ صد درجہ میں اثر کرتی ہے۔

نسخہ :- سم الفار ایک درم۔ چوب گز 4 درم۔ کافور 4 رتی سب کو کھرل کر کے گولیاں بقدر فلفل تیار کریں۔

ترکیب استعمال :- گرمی میں ایک وقت جاڑوں میں دو وقت ایک ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔ مجرب ہے۔

حب آتشک (56)

آتشک جیسے موذی مرض کو چند روز میں جڑ سے کھو دیتی ہے۔ نہایت کم قیمت اور مجرب ہیں۔

نسخہ :- پوست بیخ مدار 15 ماشہ۔ مرچ سیاہ 3 ماشہ۔ قند سفید حسب ضرورت ڈال کر دونوں کو کوٹ چھان کر اور گڑ میں ملا کر جوار کے دانے کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح اور ایک شام کھائیں۔ ترشی' بادی اشیاء اور نمک سے پرہیز کریں۔

(57) حب آتشک

آتشک کے لئے بہت مفید ہے۔
نسخہ :- توتیا سبز ایک ماشہ۔ مرچ سیاہ آٹھ ماشہ۔ بلیلہ سیاہ 3 ماشہ۔ آب لیموں کاغذی 10 عدد۔ پہلی تینوں دواؤں کو آب لیموں کاغذی میں یہاں تک کھرل کریں کہ عرق جذب ہو جائے پھر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں اور 40 روز تک ایک گولی صبح و شام کھلائیں۔ اوپر سے عرق لیموں کاغذی پلائیں۔

(58) حب آتشک

آتشک کے لئے یہ گولیاں تیر بہدف ہیں۔
پوست بیخ مدار 5 ماشہ۔ مرچ سیاہ 5 ماشہ۔ قند سفید حسب ضرورت اول الذکر دونوں دواؤں کو کوٹ چھان لیں اور گڑ میں ملا کر جوار کے دانے کے برابر گولیاں بنا لیں۔
مقدار خوراک : ایک گولی صبح ایک شام کھائیں۔ نمک، ترشی، بادی اشیاء سے پرہیز کرنا ضروری ہے۔

(59) حب آتشک

آتشک کے لئے یہ گولیاں بہت مفید ہیں۔
توتیائے سبز 1 ماشہ۔ مرچ سیاہ 8 ماشہ۔ بلیلہ سیاہ 7 ماشہ۔ آب لیموں کاغذی 10 عدد۔
پہلے تینوں دواؤں کو آب لیموں کاغذی میں یہاں تک کھرل کریں کہ عرق جذب ہو جائے۔ پھر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔
ترکیب استعمال : تیس روز تک ایک ایک گولی صبح و شام کھائیں۔ اوپر سے عرق لیموں کاغذی پلائیں۔

(60) حب آتشک

آتشک کے لئے مفید ہے۔ کمال یہ ہے کہ اس میں پرہیز کی چنداں ضرورت نہیں۔
توتیائے سبز بریاں، پوست بلیلہ کلاں، بلیلہ سیاہ، ہر ایک ایک جزو، خرمہ، زرد چار جزو و عرق لیموں میں تین روز کھرل کر کے بقدر نخود گولیاں بنائیں۔
مقدار خوراک : ایک گولی ہر روز کھائیں۔

(د)

(61) دوا مقوی باہ و دماغ

یہ دوا تقویت دماغ اور ضعف باہ کے لئے بہت مفید ہے۔ حافظہ کی کمزوری کو دور کرتی ہے۔
نسخہ :- مغز بادام شیریں، مغز کدو شیریں، مغز خیارین، مغز پنبہ دانہ، برہمی بوٹی، ترپھلا تمام اجزاء ہم وزن لے کر اور کوٹ چھان کر سہ چند شہد ملا کر معجون تیار کریں۔ پھر مشک 1 ماشہ۔ عنبر ایک ماشہ۔ مروارید سائیدہ ایک ماشہ۔ زعفران 3 ماشہ۔ ورق نقرہ ایک تولہ کا اضافہ کریں۔
مقدار خوراک :- ایک تولہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ۔

(62) دوائے جریان

جریان کے لئے عجیب شے ہے۔ ضرورت مند اصحاب قدر کریں اور استعمال کر کے فائدہ اٹھائیں۔
نسخہ :- تالمکھانا 8 تولہ۔ بوہڑ کے دودھ میں تر کر کے خشک کریں۔ تین مرتبہ ایسا کریں۔ پھر ثعلب مصری نبات سفید ہر ایک آٹھ تولہ کے ساتھ سفوف بنا لیں۔
مقدار خوراک :- 3 ماشہ سے چھ ماشہ تک شیر گاؤ کے ساتھ۔

(63) دوائے جریان

جریان کو دور کرنے میں اکسیر ہے۔
نسخہ :- تخم چولائی، رال سفید مصری ہر ایک ایک چھٹانک باریک کر کے چھ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

(64) دوائے مغلظ

ضعف دماغ، کثرت احتلام اور قبض کے لئے نہایت مجرب ہے۔
نسخہ :- کچلہ مدبر 3 ماشہ۔ مغز بادام شیریں 5 تولہ۔ مغز پنبہ دانہ، شکر تری ہم وزن لے کر سفوف بنائیں اور بقدر تین ماشہ دودھ کے ساتھ کھاتے رہیں۔

(65) دوا برائے احتلام و سرعت

مغلظ منی ہے اور بارہا کا مجرب ہے۔
نسخہ :- آرد سنگھاڑا، آرد پھلی کیکر، برگد، اسگند ناگوری، بیج کونچ، بھو پھلی، موچرس ہر ایک

دو تولہ۔ مغز پنبہ دانہ 3 تولہ۔ ثعلب مصری خورد ایک تولہ۔ کرکس ایک تولہ۔ تخم اونٹکٹارہ ایک تولہ۔ گوکھرو کلاں ڈھائی تولہ۔ تالمکھانا مدبر' شیر برگد ہر ایک ڈھائی تولہ۔ مغز تخم تمر ہندی 3 تولہ۔ تخم لبوب ڈیڑھ تولہ۔ ورق نقرہ 25 عدد۔ کشتہ قلعی در برگ حنا تیار شدہ 2 تولہ۔ چہار مغز 4 تولہ۔ ان جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنا لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: چھ ماشہ یہ سفوف گائے کے مسکہ تازہ 5 تولہ میں ملا کر کھلائیں۔

(66) دوا قوت باہ

قوت باہ کے لئے عجیب و غریب دوا ہے اور ارزاں بھی۔

نسخہ: انجیر 15 عدد۔ شہد ایک سیر۔ انجیر کو شہد میں ڈال کر ایک ہفتہ پڑا رہنے دیں۔ بعد ایک ہفتہ کے نصف انجیر صبح و شام استعمال کریں۔

(67) دوائے مقوی باہ

باہ بڑھاتی ہے۔ سستی اعصاب کی دافع ہے۔ استرخائے آلت میں بے حد مفید ہے۔

نسخہ: زعفران ایک ماشہ۔ آب ادرک چھ ماشہ حل کر کے عضو مخصوص پر پانچ دن تک متواتر لیپ کریں۔

(68) دوائے مقوی باہ

مادہ تولید پیدا کرنے میں عجیب الاثر دوا ہے۔ تقویت باہ میں بالخاصہ موثر ہے۔

نسخہ: سونف ایک تولہ کو تھوڑے سے پانی میں گھوٹ کر اس میں گائے کا دودھ تازہ مناسب مقدار میں شامل کر کے مصری سے شیریں کر کے پلائیں۔

(69) دوائے مقوی باہ

جریان اور تقویت اعضائے رئیسہ کے لئے بے حد مفید ہے۔

تالمکھانا' تمر ہندی مقشر' اوٹ ننگن' دقاقل مصری' الائچی خورد' طباشیر کبود' ملوچیت' ثعلب مصری ہر ایک ایک تولہ۔ ست گلو' کشتہ مرجان ہر ایک چھ ماشہ۔ کشتہ چاندی تین ماشہ۔

تمام ادویہ کو کوٹ کر برابر مصری کوزہ ملا کر رکھیں۔

مقدار خوراک: 6 ماشہ صبح اور 6 ماشہ شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

(70) دوا مقوی و ممسک

تقویت باہ اور امساک میں عجیب التاثیر ہے۔

نسخہ: تخم کریلا' گوکھرو ہر ایک ایک پاؤ۔ دال نخود نصف سیر۔ زعفران ایک تولہ۔ زردی بیضہ مرغ 20 عدد۔ شیر گاؤ دو سیر۔ دال نخود اور زردی بیضہ کو روغن زرد میں بریاں کریں۔ پھر باقی ادویہ کو دودھ میں پکائیں۔ جب تمام دودھ کا کھویا ہو جائے تو ایک سیر مصری کا قوام بنا کر ملا لیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو تولہ تک ہمراہ جوش دئے ہوئے دودھ سے کھائیں۔

(71) دوائے تودرین

قوت باہ پیدا کرنے میں عجیب اثر رکھتی ہے۔

برصغیر کے سب سے بڑے حکیم علوی خاں مرحوم کا مجوزہ نسخہ ہے۔

باہ پیدا کرنے میں عجیب التاثیر ہے اور چہرے کا رنگ اور آواز کو صاف کرتی ہے۔

تودری' کنکول و رزدی ہر ایک مثقال۔ شیر گاؤ پانچ سیر من تمریزی میں جوش دیں۔ پس بہمن سرخ و خولنجان' زنجبیل' دارچینی ہر ایک ایک دانگ شامل کریں اور نبات سفید ایک اوقیہ اضافہ کر کے پی لیں۔

(72) دوائے مقوی باہ

ضعف دماغ و اعضائے رئیسہ کے لئے تیر بہدف ہے۔

نسخہ: زردی بیضہ مرغ 5 عدد۔ مغز بادام شیریں مقشر ایک پاؤ۔ روغن زرد ایک سیر۔ شکر سفید ایک سیر۔ مغز بادام کو پیس کر باقی ادویہ کے ہمراہ نرم آگ پر پکائیں۔ جب اچھی طرح حل ہو جائے اور باقی پانی بخوبی خشک ہو جائے تو مروارید ناسفتہ 3 ماشہ۔ ورق نقرہ 6 ماشہ۔ طباشیر' الائچی خورد' زعفران ہر ایک چھ ماشہ۔ مشک عنبر ایک ماشہ۔ آبریشم مقرض' گل گاؤزباں ہر ایک دو تولہ کا سفوف بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ یا پانی۔

(73) دوائے مقوی باہ

باہ کو تقویت دیتی ہے۔ دل اور دماغ کے ضعف کو دور کرتی ہے۔ بے حد مجرب ہے۔

نسخہ: ورق طلا 2 ماشہ۔ کستوری ایک ماشہ۔ ورق نقرہ 3 ماشہ۔ مروارید ناسفتہ 4 ماشہ۔ زعفران 6 ماشہ۔ تخم الائچی سفید 7 ماشہ۔ جائفل 8 ماشہ۔ طباشیر نیلگوں 9 ماشہ۔ جاوتری 8 ماشہ۔ برادہ صندل سفید ایک تولہ۔ کل ادویہ ہمراہ عرق کیوڑہ۔ عرق بید مشک ایک ہفتہ بھر کھرل کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک: 4 رتی ہمراہ مکھن۔

(74) دوائے خراطین

مقوی باہ ہے۔ عضو میں تحریک پیدا کرتی ہے اور باضہ پر اچھا اثر ڈالتی ہے۔
ایک سیر زندہ خراطین کو پکڑ کر ایک برتن میں ڈالیں پھر اس برتن میں تین سیر پانی ڈال کر تھوڑا تھوڑا نمک طعام چھڑک کر صاف کریں۔ اس عمل سے خراطین پانی میں مٹی چھوڑ کر نمک کو جذب کر لیں گے۔ پھر احتیاط سے اس پانی کو نتھار کر اس کو دوسرے برتن میں ڈال دیں' اور خراطین کو بھی نکال کر اس دوسرے برتن میں ڈال دیں اور ہلکی آنچ دیں۔ اور خراطین کو چمچ سے الٹتے پلٹتے رہیں۔ تاکہ جل نہ جائے۔ بس کچھ دیر میں پانی جذب ہو جائے گا اور خراطین بھی جل کر خاک ہو جائیں گے۔ خشک ہو جانے کے بعد باریک پیس کر رکھ لیں۔ یہی دوائے خراطین ہے۔
ترکیب استعمال: اس دوا میں سے بقدر ضرورت لے کر قلیہ میں ڈال کر استعمال کریں۔

(75) دوائے امساک

امساک منی میں مجرب ہے۔
جوزبوا' مال کنگنی' زعفران' افیون' بزالبنج' اسپند' بھنگ سوختہ ہم وزن ملا کر گولیاں تیار کریں۔
مقدار خوراک: امساک کے واسطے بقدر ایک ماشہ دودھ کے ساتھ کھائیں۔

(76) دوائے ملذذ

لذت کے واسطے اس سے آسان اور موثر نسخہ ملنا دشوار ہے۔
نسخہ: عقر قرحا خوب باریک کر کے شہد میں ملا کر عضو پر دو چار منٹ پہلے لگا لیں۔ پھر مشغول ہوں۔

(77) دوائے لذت

ملذذ اور حابس ہے۔
سہاگہ' قلمہ' کبابہ ان دونوں کو ہم وزن لے کر باریک کریں اور شہد یا آب دہن سے ملا کر طلا کریں۔ مجامعت میں انتہائی لطف آئے گا۔

(78) دوائے نعوظ

مغلظ ہونے کے علاوہ مقوی باہ بھی ہے۔ سردی اعصاب کا دافع ہے۔
نسخہ: مغز سر کنجشک تر بقدر ضرورت روغن چنبیلی میں ملا کر عضو مخصوص پر مالش کریں۔

(79) دواء برائے سردی اعصاب قضیب

سردی اعصاب قضیب میں بہت مفید ہے۔
نسخہ: موم‌بائی بقدر ضرورت روغن نرگس میں گداختہ کر کے قضیب پر عرصہ تک مالش کریں۔

(80) دوا برائے سختی قضیب

تقویت باہ بڑی اثر رکھتی ہے۔ عضو میں تندی' قوت پیدا کرتی ہے۔ خصوصاً زوجین کے درمیان محبت بڑھاتی ہے۔
نسخہ: چربی موش دشتی' جو درخت مدار کے نیچے رہتا ہو' ایک تولہ لے کر اس میں ایک ماشہ سیندور ملا کر محفوظ رکھیں۔ جماع کرنے سے پہلے بقدر ایک ماشہ عضو پر مالش کریں۔ ایک لمحہ بعد مشغول ہوں۔

(81) دوائے مجلوق

جلق یعنی مشت زنی سے عضو مخصوص کمزور اور ٹیڑھا ہو جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے نہ تو شہوت ہی پورے طور سے ہوتی ہے اور نہ ہم بستری میں لذت محسوس ہوتی ہے۔ بلکہ اکثر اوقات تو ایسا ہوتا ہے کہ تندی اور برانگیختگی نہ ہونے سے عورت سے شرمندگی اٹھانی پڑتی ہے اور مریض تمام عمر عورت کو منہ دکھانے کے قابل نہیں رہتا۔ یہ دوا ان مریضوں کے لئے زندگی کا پیغام ہے جو خدانخواستہ اس بیماری میں مبتلا ہیں' استعمال کریں اور فائدہ اٹھائیں۔
نسخہ: تخم کنیر سفید' قلم کنیر سفید' تخم دھتورہ' اسگند ہر ایک ایک تولہ۔ کافور' افیون ہر ایک چھ ماشہ کوٹ کر شیرہ کتائی خورد میں حل کر کے چنے برابر گولیاں بنا کر تیار کریں اور ہر روز تین گولیاں لے کر پانی میں حل کریں۔
ترکیب استعمال: عضو مخصوص پر طلا کریں۔ دوران استعمال میں جماع سے پرہیز نہایت ضروری ہے۔

(82) دوائے سوزاک

سوزاک خواہ کسی قدر شدت کے ساتھ کیوں نہ ہو' اس دوا کے دو ہفتہ استعمال کرنے سے جاتا رہتا ہے۔
نسخہ: سلاجیت اصلی' ست گلو' بہروزہ' دانہ الائچی' کتھا سفید' طباشیر' زیرہ سفید ہر ایک 3 ماشہ۔ شورہ قلمی 7 ماشہ سب کو ملا کر سفوف بنا لیں۔
مقدار خوراک: تین ماشہ پھانک کر پاؤ سیر دودھ پئیں۔ لال مرچ اور کھٹائی سے پرہیز

کریں۔

(83) دواء دافع قرحہ سوزاک

سوزاک کے قرحہ کو مندمل کر دیتی ہے۔
نسخہ :- سرمہ سفید کو دودھی کے نغدے میں کشتہ کر لیں۔
یہ کشتہ چار رتی ست بہروزہ ایک ماشہ یہ ایک خوراک ہے ایسی خوراکیں دن میں تین مرتبہ ہمراہ پانی دیں۔

(84) دواء سوزاک

پرانے سے پرانے سوزاک کے لئے مفید ہے۔
نسخہ :- گندھک' آملہ سار ایک تولہ۔ قلمی شورہ 5 تولہ۔ چونہ قلعی' صدف اصلی ہر ایک آٹھ تولہ' ہڑتال سرخ ایک تولہ۔ سم الفار سفید' ڈیڑھ تولہ پھٹکری تولہ۔
سب ادویہ کو باریک کر کے غبار کی مانند تیار کریں اور دو سیر گودہ گھیکوار سے کھرل کر کے قرص بنا لیں۔ کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے پانچ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکالیں۔
مقدار خوراک :- نصف رتی سے ایک رتی تک بالائی میں لپیٹ کر دودھ کے ہمراہ نگل لیں اور غذا مرغن استعمال کریں۔

(85) دواء آتشک

اس نسخے کو تین ہفتہ استعمال کرنے سے آتشک کی تمام شکایات بتدریج دور ہو جائیں گی۔ اللہ کے حکم سے سینکڑوں مایوس مریض شفایاب ہو چکے ہیں۔
نسخہ :- گندھک مصفی 2 تولہ۔ روغن زیتون 3 تولہ۔ خاکستر زقوم ایک تولہ۔ خاکستر ریع ایک تولہ۔ تخم حنظل 5 ماشہ سب کو یکجان کر کے حفاظت سے رکھیں۔
مقدار خوراک : اور بقدر 3 ماشہ صبح و شام روغن گاؤ سے کھایا کریں۔

(86) دوائے جذام

جذام جیسے جاں کن مرض کے لئے بہت نافع ہے اور کم قیمت بھی ہے۔
روغن نیم' روغن چال موگرہ' ہم وزن ملائیں اور ماؤف جگہ لگائیں۔

(ر)

(87) روغن نخود

تقویت باہ میں عجیب الاثر ہے۔
چنے رات کو پانی میں بھگو رکھیں۔ پانی اس قدر ہو کہ جذب ہو جائے۔ صبح بذریعہ پاتال جنتر تیل نکالیں۔ سیاہ رنگ کا تیل نکلے گا۔
خوراک :- ایک ماشہ حلوے میں رکھ کر کھائیں۔

(88) روغن چرس بنانے کا قاعدہ

چرس کو گائے کے دودھ میں ایک دن رات کو بھگو دیں۔ بعدہ اس دودھ کو جوش دے کر جما دیں اور اس کا مکھن نکال لیں۔ اگر چرس کی بو دفع کرنا مقصود ہو تو اس مکھن کو داغ دے لیں اور داغ دینے کے وقت برگ تنبول' جوزبوا' اور قرنفل شامل کریں۔

(89) روغن مجلوق

احتلام اور جنس کی جملہ خرابیوں کی اصلاح کرتا ہے۔ نہایت مجرب ہے۔
نسخہ :- گھونگچیں سفید' کچلہ' عقرقرحا' بیج کنیر سفید' بیٹھا تیلیہ' جمالگوٹہ ہر ایک چھ ماشہ۔ بیٹھا تیلیہ اور جمال گوٹہ کو ایک سیر بکری کے دودھ میں پوٹلی باندھ کر دو تین جوش دیں۔ پھر نکال کر سب دواؤں کو ملا کر روغن نکال لیں اور عضو خاص پر مالش کریں۔ اگر تیل نہ نکال سکیں تو پوٹلی میں باندھ کر بھینس کے دودھ میں ڈال کر عضو پر تکور کریں۔

(90) رفیق شباب

یہ نسخہ جناب حکیم فضل الٰہی صاحب اکمل صدیقی کی طرف سے ہمدرد صحت دہلی بابت ماہ نومبر 1937ء میں شائع ہوا ہے۔ حکیم صاحب موصوف فرماتے ہیں۔ شباب کی غلط کاریوں کی وجہ سے تمام پیدا شدہ نقائص اور کمزوری کا بہترین علاج ہے۔ اعضائے رئیسہ و شریفہ کے تمام افعال درست ہو جاتے ہیں۔ مادہ تولید کی پیدائش بڑھ جاتی ہے اور اس کی رقت دور ہو جاتی ہے۔ اعصاب میں برقی رو پیدا ہو جاتی ہے۔ اگر استعمال سے پہلے مریض افعال و عادات قبیحہ سے توبہ کر کے یقین و اعتماد کے ساتھ اس عدیم النظیر مرکب کو باقاعدہ پرہیز کے ساتھ جاری رکھے تو ازکار رفتہ بھی شباب کے ولولے اور مسرت و شادمانی کے جذبات اپنے اندر موجزن پاتا ہے۔ بے حد مجرب و مفید ہے۔
نسخہ :- موصلی سفید' ثعلب مصری' بہمن سفید' خولنجان' آرد سنگھاڑا' موصلی سیمبھل ہر ایک 5 تولہ۔ دار چینی' گل پستہ ہر ایک تین تولہ۔ عقرقرحا 2 تولہ۔ تخم کونچ 2 تولہ۔ صمغ

مولی ہر ایک ایک تولہ۔ ورق نقرہ 6 ماشہ۔ مشک، زعفران خالص ہر ایک 3 ماشہ۔ ورق طلاء ایک ماشہ۔ شہد خالص دو چند ادویہ۔ قند سفید ایک حصہ۔ ادویہ کوٹ چھان کر شہد اور قند کا قوام بنا کر اس میں ملا دیں پھر ورق اور مشک حسب معمول شامل کر دیں۔

مقدار خوراک :۔ 5 ماشہ سے 9 ماشہ تک ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام۔

(س)

سفوف برائے سیلان (91)

یہ نسخہ سیلان مذی اور جریان کے ان مریضوں کے لئے بہت ہی مفید ہے جن میں ذکاوت حس زوروں پر ہوتی ہے۔

نسخہ :۔ کتارا فارسی، گل سرخ، تخم فرنجمشک، اصل السوس ہر ایک دو تولہ۔ تخم سداب 3 تولہ۔ تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنا لیں۔

ترکیب استعمال :۔ یہ سفوف سات ماشہ لے کر تین ماشہ بھوسی اسپغول کے ہمراہ دودھ میں ڈال کر آگ پر رکھ کر پکائیں اور نیم گرم کھلا دیں۔

سفوف جریان (92)

جریان اور سرعت کے لئے بہت مفید ہے۔ احتلام کی شکایت دور کرتا ہے۔

نسخہ :۔ ثعلب مصری، آرد سنگھاڑا، موصلی سفید، فرنجمشک ہر ایک ایک تولہ۔ دانہ ہیل خورد، بیج بند ہر ایک 6 ماشہ۔ ستاور، منقر انگن، شقاقل مصری ہر ایک 9 ماشہ۔ دار چینی 6 ماشہ۔ خار خسک 11 ماشہ۔ کہربائے شمعی 6 ماشہ۔ مغز بادام شیریں، مغز خربوزہ ایک ایک تولہ۔ مغز پستہ چھ ماشہ۔ نبات سفید 5 تولہ حسب دستور سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک :۔ 9 ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔

سفوف جریان (93)

یہ سفوف جریان کے لئے بے حد مفید ہے اور ذکاوت حس کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ :۔ تالمکھانہ، بھو پھلی، بیج بند، ستاور، ریش برگد ہر ایک دو تولہ۔ شکر سفید ملا کر تیار کریں۔

مقدار خوراک : نو نو ماشہ سفوف صبح و شام گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔ کھانے میں زود ہضم غذا دیں۔

(گذشتہ سے پیوستہ)

سفوف مسکن (94)

پرانے سے پرانے جریان کو یہ دوا دور کرتی ہے۔ چار پانچ خوراک ہی سے احتلام بند ہو جاتا ہے اور اعضاء کی بڑھی ہوئی حس کو کم کر کے اعتدال پر لاتی ہے۔

نسخہ :۔ کشنیز خشک، ثعلب مصری ہر ایک تولہ۔ فرنجمشک، تخم خس، صمغ عربی، کتیرا، خار خسک، بہمن سفید، تخم خشخاش سفید، تخم نیلوفر، بھو پھلی ہر ایک سات ماشہ۔ برادہ صندل سفید، زیرہ سفید، الائچی کلاں ہر ایک بیس ماشہ۔ کشتہ قلعی پارہ شورہ والا دو تولہ۔ مصری سب کے برابر کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک : پانچ ماشہ یہ سفوف صبح کو تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

غذا میں کدو، خرفہ، ساگ پات اور ترکاریاں استعمال کریں۔ مونگ، دال چاول اور ترش بادی چیزوں سے پرہیز کریں۔ لال مرچ نہ کھائیں۔

سفوف جریان (95)

جریان کے لئے نافع ہے۔

نسخہ :۔ پوست اسپغول، موصلی سفید، مغز تخم املی، صمغ عربی ہر ایک پانچ تولہ، مغز بادام دس تولہ۔ سفوف بنائیں اور برابر شکر تری ملائیں۔

مقدار خوراک :۔ صبح و شام ایک ایک تولہ۔ ہمراہ دودھ۔

سفوف جریان (96)

یہ سفوف جریان کے لئے بے حد فائدہ مند ہے۔

نسخہ :۔ سبوس اسپغول، سمندر سوکھ، بیج بند، تالمکھانہ، تخم ریحاں، کشتہ کلس ہر ایک ایک تولہ۔ کتیرا تین تولہ۔ کشتہ عقیق ایک ماشہ۔ کشتہ جست تین ماشہ۔ صمغ عربی 6 ماشہ سفوف بنا لیں۔ شربت صندل یا عرق بادیان میں دیں۔ نہایت سریع الاثر اور مجرب و آزمودہ ہے۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ۔

سفوف جریان (97)

ذکاوت حس اور جریان کو نافع ہے۔

نسخہ :۔ کہربائے شمعی، طباشیر ہر ایک 7 ماشہ۔ تالمکھانہ، بیج بند، موچرس، جفت بلوط، کندر، موصلی سنبھل، موصلی سفید، برگ نورستہ مغیلاں، ثمر مغیلاں، پوست مغیلاں، گز مازج، مازو سبز، مغز تخم تمر ہندی ہر ایک 9 ماشہ۔ کشتہ قلعی 3 ماشہ۔ ست سلاجیت ایک تولہ۔ شکر تری

برابر ادویہ سفوف بنائیں اور بقدر تین ماشہ صبح و شام شیر گاؤ کے ساتھ کھائیں۔
پرہیز :- ترش اشیاء اور سرخ مرچ۔

(98) سفوف جریان

یہ سفوف اس جریان کو جو سوزاک کے بعد ہوتا ہے' بہت نافع ہے۔
ست گلو' ست سلاجیت' ست بہروزہ' دانہ الائچی خورد' پھمان بید' اصل السوس' تالمکھانا' طباشیر' کشتہ قلعی (سینگ والا) کشتہ بیضہ مرغ' آب لیموں والا ہر ایک ایک تولہ۔ مغز تخم تمر ہندی بریاں' آرد سنگھاڑا' ثعلب مصری ہر ایک ڈیڑھ تولہ مصری کوزہ ہم وزن ادویہ۔
مقدار خوراک :- 9 ماشہ صبح' 9 ماشہ شام ہمراہ شیر گاؤ۔

(99) سفوف جریان

جریان اور احتلام کے لئے بہت مفید ہے۔ مغلظ ہے۔
نسخہ :- ثعلب مصری' شقاقل مصری' بہمن سفید' بہمن سرخ' موصلی سنبھل' دانہ الائچی خورد و کلاں' اسبغول' مسلم مولسری' خام جفت بلوط' گل دھاوا' مصطگی رومی' مغز فستہ جامن' مغز فستہ انبہ' مغز فستہ تمر ہندی' صمغ ببول' موچرس' صمغ ڈھاک' صمغ انبہ' چھ چھ ماشہ۔ نبات سفید برابر وزن ادویہ۔
مقدار خوراک :- چھ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔

نوٹ :- کبھی کبھی یہ اجزاء بھی بڑھائے جا سکتے ہیں۔ تخم تالمکھانا' طباشیر کبود' ست گلو' کرکس' تودرین' مغز سنگھاڑا' بیج بند۔

(100) سفوف کھانا

منی پیدا کرتا ہے۔ باہ کو تقویت دیتا ہے۔ مادہ منویہ اگر پتلا ہو گیا ہے تو اس کو گاڑھا کرتا ہے۔
نسخہ :- تال کھانا' موصلی سیاہ' موصلی سفید' بیج بند ہر ایک ایک درم۔ عقر قرحا دو درم۔ کوٹ چھان کر ہم وزن ادویہ نبات سفید ملا کر سفوف تیار کریں۔
مقدار خوراک : آٹھ ماشہ تا ایک تولہ گائے کے دودھ ایک پاؤ کے ساتھ کھائیں۔

(101) سفوف برائے سیلان مذی و منی

برادر مکرم جناب حکیم محمد رفیق خان صاحب دہلوی نبیرہ مسیح الملک مرحوم کا مجرب نسخہ ہے۔ جریان منی و مذی کو فائدہ کرتا ہے۔

نسخہ :- گل انبہ' گل دھاوا' گل پستہ' بیخ ڈھاک ہر ایک تین ماشہ۔ شکر سفید ایک تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔
مقدار خوراک : چھ ماشہ گائے کے دودھ کے ہمراہ مصری ڈال کر استعمال کریں۔

(102) سفوف مغلظ منی

ذکاوت حس' جریان اور احتلام کے لئے نافع ہے اور سوزاک کو بھی فائدہ کرتا ہے۔
نسخہ :- خار خسک 2 تولہ۔ سبوس اسپغول 4 تولہ۔ تخم کاہو ایک تولہ۔ تخم بھنگ 1 تولہ۔ کشنیز خشک ایک تولہ۔ کوزہ مصری 8 تولہ سفوف تیار کریں۔
مقدار خوراک :- چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ آب سرد۔

(103) سفوف کثرت احتلام

کثرت احتلام اور ذکاوت حس کو فائدہ مند ہے۔
نسخہ :- ست گلو' ست سلاجیت' دانہ ہیل خورد' پھمان بید' ملٹھی' تال کھانا' کشتہ قلعی (جو بھنگ سے تیار کیا گیا ہو) طباشیر' شقاقل مصری' ثعلب مصری ہر ایک دو تولہ باریک کر کے ہم وزن شکر سفید ملا لیں۔
مقدار خوراک : 5 ماشہ صبح و شام 5 ماشہ شام ہمراہ شیر گاؤ خام کے ساتھ استعمال کریں۔

(104) سفوف کثرت احتلام

کثرت احتلام کو بہت مفید ہے۔
نسخہ :- کہربائے شمعی' بسد احمر' دم الاخوین' گل ارمنی ہر ایک چھ ماشہ۔ طباشیر کبود' بیخ انجبار' کشنیز خشک' بزر البنج سفید' صمغ عربی' تخم خرفہ' تخم کاہو' گل نیلوفر' گلنار فارسی ہر ایک 9 ماشہ۔ کل بیاری ایک تولہ سفوف کر کے چار ماشہ صبح نہار منہ کھا لیا کریں۔

(105) سفوف احتلام

یہ سفوف کثرت احتلام کو دور کرتا ہے اور احتلام کی زیادتی سے جو کچھ نقصان جسم کو پہنچتا ہے' اس کا تدارک کرتا ہے۔ اس کے استعمال میں موسم کی کوئی قید نہیں۔ دل و دماغ کو طاقت پہنچاتا ہے۔
نسخہ :- کشتہ مرجان' کشتہ یشب' کشتہ عقیق' کشتہ زمرد' کشتہ قلعی' ورق نقرہ ہر ایک ایک تولہ۔ اقاقیا 2 تولہ۔ ثعلب مصری' موصلی سفید' شقاقل مصری' تالمکھانا' موصلی سنبھل ہر ایک ایک تولہ۔ مصری کوزہ پانچ تولہ۔

سب چیزوں کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: تین تین ماشہ صبح و شام گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

سفوف احتلام خاص (106)

یہ سفوف احتلام کی پرانی سے پرانی شکایت کو دور کرتا ہے اور مغلظ منی ہے۔

نسخہ: ثعلب مصری، ستاور، موصلی سفید ہر ایک ایک تولہ۔ مغز تخم تمر ہندی 2 تولہ۔ تخم ریحان ایک تولہ۔ سبوس اسپغول 2 تولہ۔ کشتہ قلعی ایک تولہ۔ شکر خام 5 تولہ سب چیزوں کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: نو نو ماشہ صبح و شام دودھ یا پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

سفوف مقوی باہ (107)

اس کو چند روز استعمال کرنے سے عضب کی قوت عود کر آتی ہے۔ نامرد بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

نسخہ: موصلی سیاہ، موصلی سفید، ثعلب مصری، تالمکھانہ، بیج بند، اندر جو، تودری سفید، تودری سرخ، دارچینی، خولنجان، بہمنین، شقاقل، تمام ہم وزن مصری بارہ حصہ سب کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔ پھر مصری ملالیں۔

مقدار خوراک: تین ماشہ سے چھ ماشہ تک دودھ کے ہمراہ کھائیں۔

سفوف خراطین (108)

اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ ہے اور بے نظیر بھی ہے۔

نسخہ: دارچینی، جائفل، جاوتری، دانہ الائچی خورد، لونگ، ثعلب مصری، مصطگی رومی، زعفران ہر ایک ایک تولہ۔ تین ماشہ خراطین خشک مصفی مساوی الوزن ادویہ باریک سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: روزانہ ایک تولہ استعمال کریں۔

سفوف عنبری (109)

مقوی باہ اور اعصاب اعضائے رئیسہ۔

نسخہ: عنبر اشہب ایک تولہ۔ مصطگی رومی، موصلی سفید، ثعلب مصری، طباشیر ہر ایک چار تولہ۔ نبات سفید تمام ادویہ کے برابر۔

مقدار خوراک: چھ ماشہ ہمراہ عرق گلاب و عرق بید مشک کے استعمال کریں۔

سفوف اکسیر (110)

یہ سفوف اپنے فائدہ کے اعتبار "مطلوب کبیر" سے بھی بعض حقیقت سے بلند و برتر ہے لیکن قبولیت طبیعت شرط ہے۔

نسخہ: قضیب گاؤ خشک، سوہان کرہ 4 تولہ۔ خراطین مصفی چھ تولہ حسب دستور سفوف بنا کر رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک تولہ ہر روز کھایا کریں۔

سفوف مقوی (111)

تغلیظ منی کرتا ہے باہ کو حرکت میں لاتا ہے۔ جریان اور کثرت احتلام وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے۔

نسخہ: آرد مغز، تخم سرس، مغز تخم تمر ہندی بریاں مقشر، موصلی سفید، موصلی سیاہ، ست گلو اصلی، طباشیر نقرہ اسگند ناگوری، گوند سانجنہ، گوند ڈھاک، خولنجان، ستاور، بہمن سفید، شقاقل مصری، موصلی ھتھیل، موچرس، سمندر سوکھ، مصطگی، برہم ڈنڈی ہر ایک چھ ماشہ مصری ہم وزن ادویہ۔

مقدار خوراک: 9 ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گرم۔

سفوف اکملی (112)

مقوی باہ اور مقوی اعضاء رئیسہ ہے۔ گردہ مثانہ کی تقویت میں بہت مفید ہے اور یہ اعلیٰ درجہ کا مقوی و ممسک ہے۔

نسخہ: گوند کتیرا، گلنار، صندل سفید، طباشیر، نشاستہ موچرس، خار خسک، کشتہ قلعی، ہر ایک چار ماشہ۔ کبابہ چینی، مصطگی، گل ارمنی، ثعلب مصری، شقاقل لسان العصافیر، تخم بید سادہ، تخم شنبہ، تخم کاسنی؟ تمر اعرابی، لودھ گجراتی ہر ایک تین ماشہ۔ سنبل الطیب 2 ماشہ۔ پوست بیخ کیکر، پوست سنکھا ہولی، پوست جھربیری، پوست بیخ مولسری، پوست کچنال، سنگھاڑہ خشک ہر ایک 5 ماشہ۔ دانہ الائچی خورد چھ ماشہ۔ نبات سفید ہم وزن۔

مقدار خوراک: ایک تولہ، ہمراہ باسی پانی۔

سفوف کیمیائے عشرت (113)

انتہائی مقوی باہ اور ممسک ہے۔

نسخہ: تک جھکنی 3 سرخ۔ کانبھل 6 سرخ۔ قرنفل، شنگرف، مازو سبز ہر ایک 4 سرخ۔ ورق طلا 1 سرخ۔ دارچینی، مشک، ریگ ماہی ہر ایک ایک ماشہ۔ افیون 6 سرخ۔ ورق نقرہ 7 سرخ۔

سب دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

ترکیب استعمال: اس تمام سفوف میں سے وقت ضرورت ڈیڑھ ماشہ سفوف ڈیڑھ پاؤ دودھ کے ساتھ استعمال کریں اور دو ساعت کے بعد جماع میں مشغول ہو جائیں۔ جب پیشاب میں جلن محسوس ہو دودھ کا پیالہ پی لیں۔ تمام رات دودھ پیتے رہیں اور جاگتے رہیں۔

سفوف سرعت انزال (114)

سرعت کے لئے نافع ہے۔ تغلیظ منی کے لئے مجرب ہے۔

نسخہ: ریش برگد' تخم لاجونتی' موصلی سفید' ثعلب مصری' پوست بیخ سنگھاڑا' مغز تخم تمر ہندی' سبوس اسپغول' کشتہ مرجان' کوزہ مصری ہر ایک برابر وزن لے کر کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: 6-6 ماشہ ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام۔

سفوف ممسک (115)

جریان چاہے جس قدر شدید ہو اس سفوف کے استعمال کرنے سے جاتا رہتا ہے۔

نسخہ: بیج بند گجراتی' ستاور' تالمکھانا' ثعلب مصری' موچرس' سروالی' گل منڈی' سنگھاڑا خشک' کرکس' گوند ببول' گل دھاوا' بیخ میدہ لکڑی ہر ایک چھ ماشہ۔ خستہ تمر ہندی' دال ماش مقشر ہر ایک چار دام۔ شکر سفید ہم وزن ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک دام صبح گائے کے دودھ کے ساتھ اور 9 ماشہ شام کو ٹھنڈے پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

سفوف سوزاک (116)

اس سوزاک کو جو کسی سوزاک زدہ عورت سے ہم بستر ہونے کی وجہ سے ہو گیا ہو بہت جلد فائدہ کرتا ہے۔ مجرب ہے۔

نسخہ: کباب چینی' گل گلاب' سنگ جراحت' موصلی سفید' اسگند ناگوری ہر ایک چھ ماشہ۔ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک تولہ پاؤ سیر گائے کے دودھ کے ساتھ اکیس روز تک استعمال کریں۔ واضح رہے کہ نسخے کے دوران استعمال میں ترشی اور بادی چیزوں نیز لال مرچ کا پرہیز ضروری ہے۔

سفوف سوزاک (117)

اس کا چند روزہ استعمال پرانے سوزاک یا قرحہ میں بہت مفید ہے۔

نسخہ: ہلدی' قند' ست بہروزہ' کاکچ' دم الاخوین مساوی الوزن بہت باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ دن میں ایک مرتبہ پانی کے ہمراہ۔

سفوف سوزاک (118)

پرانے سوزاک کو فائدہ دیتا ہے۔ آزمودہ و مجرب ہے۔

نسخہ: قلمی شورہ' الائچی خورد' کباب چینی' سنگ جراحت' ست بہروزہ ہندی مساوی الوزن بہت باریک پیس کر سفوف کر لیں۔

مقدار خوراک: تین ماشہ دن میں پانی کے ساتھ کھائیں اور غذا زود ہضم استعمال کریں۔

سفوف سوزاک (119)

سوزاک کے لئے بے حد مفید ہے۔

نسخہ: کباب چینی' ست بہروزہ' پکھان بید' پوست بلیلہ' دانہ الائچی کلاں ہر ایک ایک تولہ۔ سب کو پیس کر سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: بقدر سات ماشہ صبح کے وقت لسی شیر گاؤ کے ساتھ کھائیں۔

سفوف سوزاک (120)

یہ سفوف سوزاک کے لئے مفید ہے۔

نسخہ: طباشیر' کباب' سنگجراحت' سلاجیت خالص ہم وزن سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: بقدر تین ماشہ دن میں تین مرتبہ عرصہ تک کھائیں۔

سفوف قرحہ سوزاک (121)

پرانے قرحہ کے لئے دو ماہ کامل اور نئے قرحہ کے لئے ایک ہفتہ استعمال کرائیں۔ فوراً اثر دکھاتا ہے۔ مجرب ہے۔

نسخہ: زرد چوب' آملہ مقشر ہر ایک ایک تولہ باریک سفوف کر لیں اور مصری سفید دو تولہ ملا لیں۔

مقدار خوراک: ہر روز بقدر 7 ماشہ تک پانی تازہ کے ساتھ کھا لیا کریں۔

سفوف سوزاک (122)

سوزاک کو نافع ہے' قبض کے لئے مفید ہے۔

نسخہ: ہزاردانی' کباب چینی' زیرہ سفید' شب یمانی بریاں ہر ایک ایک تولہ۔ پوست بیخ کنداری 2 تولہ۔ کشتہ سنگ جراحت 6 ماشہ کا سفوف کر کے بقدر 3 ماشہ ہمراہ آب تازہ یا لسی خام کے ساتھ استعمال کریں۔

(123) سفوف سوزاک

سوزاک کے زخم کو بھرنے میں بہت مفید ہے۔
نسخہ: دم الاخوین، گل ارمنی، طباشیر سفید، رب السوس، گل مختوم، گلنار فارسی، حب کاکنج، تخم خشخاش سفید ہر ایک ایک ماشہ۔ نشاستہ مغز تخم خیارین، مغز تخم خربزہ، خرفہ مقشر ہر ایک تین ماشہ۔
مقدار خوراک: ساڑھے چار ماشہ صبح کے وقت ہمراہ شیر کھلائیں۔

(ض)

(124) ضماد مقوی باہ

سختی قضیب کے ساتھ بے حد مبہی ہے۔
نسخہ: مرچ سیاہ 11 عدد۔ لونگ 13 عدد۔ کافور بھیم سینی ایک ماشہ سفوف کرکے قضیب پر مالش کریں۔ بعدہ پانی میں گھول کر ضماد کریں۔

(125) ضماد عجیب

خصیوں کے ورم کے لئے مفید ہے۔
نسخہ: گوگل، اشق، چربی سما، چربی مرغ، چربی کوہان اونٹ، مغز ساق گاؤ، بابونہ، اکلیل الملک یعنی ناخونہ، گل خطمی گل بنفشہ ہر ایک 3 درم۔ گل سرخ 2 مثقال کوٹ کر چھان کر السی کے لعاب میں باندھ کر لیپ کریں۔

(126) ضماد مقوی

حکیم محمد جعفر مرحوم کا نسخہ ہے۔ تقویت باہ میں عجیب التاثیر اور کثیر المنفعت ہے۔
نسخہ: جند بید ستر، مصطگی رومی ہر ایک ایک تولہ۔ قسط شیریں، ڈیڑھ تولہ۔ تخم ترب تین تولہ۔ روغن زیتون 25 تولہ 4 پہر کال کھرل کرکے بطریق معروف استعمال کریں۔

(127) ضماد مقوی باہ

تقویت باہ کے لئے عجیب و غریب ہے۔
نسخہ: ٥ بھوتی، جونک، خراطین، شیر دار، مل نگنی ہر ایک ایک تولہ۔ روغن کھجد تین تولہ میں خوب باریک کرکے لیپ کریں۔ اوپر پان کا پتہ باندھ دیں۔

(ط)

(128) طلاء مجلوق

عضو مخصوص کی لاغری و کوتاہی کے لئے مفید ہے۔
نسخہ: بیر بہوتی 6 ماشہ۔ مصطگی 9 ماشہ۔ لونگ 6 ماشہ۔ عاقر قرحا 9 ماشہ۔ جزبوا 3 ماشہ۔ دارچینی 6 ماشہ۔ جاوتری 2 ماشہ۔ زعفران 3 ماشہ۔ رائی 9 ماشہ۔
سب ادویہ کو پیس کر روغن زرد میں کھرل کریں تاکہ مرہم سا بن جائے۔
ترکیب استعمال: عضو خاص کو گرم پانی سے دھو کر اس مرہم کی مالش کریں۔ اوپر سے برگ پان باندھیں۔

(129) طلاء مجلوق

مجلوق کے لئے اکسیر ہے اور تمام نقائص رفع کرکے تقویت بخشتا ہے۔
نسخہ: زعفران، قرنفل، دارچینی ہر ایک ایک ماشہ۔ تج، عقر قرحا، بیر بہوتی، خراطین، جائفل، جاوتری ہر ایک ایک تولہ۔ مصطگی 3 ماشہ۔ شنگرف 3 ماشہ۔ روغن بیضہ مرغ میں کھرل کرکے شیشہ خاص میں محفوظ کریں اور محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال: تھوڑا سا عضو پر مل لیا کریں۔ چالیس یوم استعمال کریں۔ اگر دانے پیدا ہو جائیں تو طلاء ترک کر دیں اور روغن بیضہ کی مالش کریں۔

(130) طلائے مجلوق

مقوی باہ ہے۔ عضو کے تمام نقائص دور کرکے اس میں تندی اور فربہی لاتا ہے۔ عضو مخصوص کا کھول بھی جاتا ہے۔ مجرب اور معمول مطب ہے۔ جب تیار کیا صدہا مریضوں کو شفا کا پیغام دیا۔
نسخہ: کباب چینی، ریوند چینی، چوب چینی، عقر قرحا، لونگ، الائچی کلاں، جاوتری، جائفل ہر ایک ایک تولہ۔ سیماب تین تولہ۔ سیماب کو بول طفل میں تین گھنٹہ تک کھرل کریں اور کسی صاف شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔
ترکیب استعمال: تھوڑا سا برگ پان پر مل کر عضو پر لپیٹ دیں اور موٹا کپڑا باندھیں اور بے ضرورت حرکت نہ کریں۔

طلاء مجلوق (131)

دافع کجی و لاغری مجلوق ہے۔ مقوی باہ بھی ہے۔ بارہا کا مجرب ہے۔

نسخہ :۔ مردار سنگ' سیماب ہڑتال ورقی سم الفار سفید ہر ایک دو ماشہ باریک کریں۔ شیرہ کنائی خوردہ میں کھرل کر کے حبوب نخودی تیار کریں۔ ایک حب سوتے وقت پانی میں گھس کر حشفہ و سیون بچا کر عضو مخصوص پر طلا کریں۔ اوپر ارنڈ یا پان کا پتہ لپیٹ کر کے کچے دھاگے سے مضبوط باندھیں۔ صبح آب نیم گرم سے دھوئیں۔ اگر مذکورہ ادویہ شیر کنائی سے سولہ پہر کھرل کر کے چار پہر روغن زیتون' نیم پاؤ میں کھرل کریں۔ تو اور بھی اکسیر ہے۔

طلائے مجلوق (132)

مقوی باہ اور مغلظ بھی ہے۔ عضو مخصوص کے تمام نقائص کو رفع کر دیتا ہے۔ سہل الحصول آسان اور مجرب ہے۔

نسخہ :۔ مغز پستہ نیم پاؤ۔ مغز حب السلاطین ساڑھے چھ تولہ۔ نیم کوفتہ کر کے نئے کپڑے کی پوٹلی میں باندھیں۔ آہنی تابہ کو آگ پر رکھیں۔ پوٹلی کو گرم تابہ پر زور سے لوٹتے و دباتے رہیں۔ جب روغن آنے لگے با احتیاط تمام حاصل کرتے جائیں اور محفوظ رکھیں۔ اگر ایک دو سال پڑا رہنے دیں تو زیادہ مفید اور بے ضرر ہو جاتا ہے۔ اگر تازہ استعمال کریں تو بھی بے حد مفید ہے۔

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت تھوڑا سا حشفہ اور سیون بچا کر عضو پر مالش پان کا پتہ لپیٹ کر کے کچے دھاگے سے باندھیں۔ صبح نیم گرم پانی سے دھوئیں۔ دانے نکل آئیں طلا ترک کر دیں اور روغن زرد کی مالش کریں۔

طلاء درازی و فربہی (133)

عضو مخصوص کو فربہ اور دراز کرتا ہے۔

نسخہ :۔ گھونگچی سفید' خراطین' بیر بہوٹی ہر ایک تولہ۔ پوست بیخ مدار 2 تولہ۔ ان کو باریک پیس کر شیر مدار ڈیڑھ تولہ میں کھرل کریں اور ایک موٹے کپڑے پر لگا کر خشک ہونے دیں۔ پھر اس کو روغن گاؤ میں تر کر کے بیخ آہنی پر لپیٹ دیں اور سرنگا کر کے آگ لگائیں۔ اس سے جو تیل ٹپکے گا اس کو محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : عضو مخصوص پر طلا کر کے اوپر پان یا ارنڈ کا پتہ باندھیں۔ چند دنوں میں تمام شکایات رفع ہو جائیں گی۔ (گذشتہ سے پیوستہ)

طلاء مطول و مسمن (134)

قضیب کو طویل کرنے کے لئے اس نسخہ کا استعمال بہت مفید ہے۔

نسخہ :۔ خراطین خشک 2 تولہ۔ جونک 7 عدد۔ روغن سرشف' آب اورک' آب پیاز ہر ایک 10 تولہ سب کو ملا کر پکائیں۔ جب صرف روغن باقی رہ جائے صاف کر لیں۔

ترکیب استعمال : صبح و شام مالش کر لیا کریں۔

مجرب اور معتبر ہے۔

طلاء مقوی (135)

جنس اور انلام کے مریض اس طلاء سے فائدہ اٹھائیں۔ نہایت مفید اور مجرب اور جناب حکیم مولوی محمد فضل اللہ صاحب رامپوری کا معمولہ مطب ہے۔

نسخہ :۔ مغز کرنجوہ ایک تولہ۔ قرنفل ایک تولہ۔ جائفل ایک تولہ کوٹ چھان کر ہمراہ شیر سیندھ مساوی کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنائیں۔

ترکیب استعمال : ایک گولی چند قطرات روغن چنبیلی میں حل کر کے شب کو بقدر 2 رتی۔ حشفہ و سیون بچا کر طلاء کر کے بنگلہ پان باندھیں۔ تین روز بعد 3 روز کافی ہے۔ صبح صاف کر دیا کریں۔ اس سے رطوبت خارج ہو گی۔ خفیف طور پر مکھن لگائیں۔ خشکی آ جائے گی۔

طلا مقوی باہ (136)

قضیب کو تقویت دینے میں اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

گھونگچی سفید' سم الفار سفید' ریگ ماہی ہر ایک چھ ماشہ۔ حب السلوک دو تولہ۔ بیخ کنیر سفید' بیر بہوٹی' خراطین' زہر ماہی ربو ہر ایک تولہ۔ مغز پستہ پانچ تولہ۔ مالکنگنی پانچ تولہ سب ادویہ کو ملا کر دس عدد زردی بیضہ مرغ سے کھرل کر کے گولیاں بنائیں اور پاتال جنتر سے تیل نکالیں۔

ترکیب استعمال : یہ تیل رات کو عضو پر ملا کریں۔ اوپر سے برگ پان باندھیں۔

طلاء مقوی باہ (137)

مقوی باہ و مغلظ ہے۔ مجلوق کے لئے بے حد مفید ہے۔

نسخہ :۔ سرگیں کبوتر صحرائی۔ چپال کنجشک خانگی' سیماب' عقر قرحا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔ شہد 7 ماشہ۔ شیر مدار 10 ماشہ۔ تمام چیزوں کو آہنی کڑھائی میں ڈال کر بارہ پہر کھرل

کریں۔
ترکیب استعمال: سوتے وقت رات کو تھوڑا سا عضو مخصوص پر مل کر ارنڈ کا پتہ لپیٹ دیں۔ سات روز متواتر استعمال کریں۔

طلائے مقوی (138)

عضو مخصوص کی سستی اور کمزوری کا دافع ہے۔
نسخہ :- برادہ کچلہ 10 تولہ۔ بیربہوٹی' لوبان' گھونگچی سفید' چربی شیر نمک جھکنی ہر ایک چھ ماشہ۔ جند بید ستر' شیر تھوہر' سیماب ہر ایک دو تولہ۔ روغن بلسان 3 تولہ۔ سب ادویہ کو ایک ہفتہ شراب دو آتشہ سے کھرل کر کے گولیاں بنائیں اور بذریعہ پاتال جنتر نرم آگ پر تیل نکالیں۔
ترکیب استعمال: یہ تیل عضو تناسل پر طلا کریں۔ تمام نقص دور ہو جائیں گے۔

طلائے مقوی (139)

مجلوق کے لئے بے حد مفید ہے اور مقوی باہ ہے۔
نسخہ :- بہستان' مغز تخم بید انجیر' خردم ہر ایک سہ درم کوٹ کر روغن یاسمین میں ملا کر رکھ لیں۔
ترکیب استعمال: نیم گرم عضو تناسل اور خصیوں پر مالش کریں۔ تندی و قوت پیدا ہو جائے گی۔

طلا مقوی و ممسک خاص (140)

جلق سے عضو تناسل کی جڑ اگر پتلی ہو گئی ہو اور مجامعت میں لطف نہ آتا ہو تو اس طلا کے استعمال سے تمام مذکورہ خرابیاں دور ہو جائیں گی۔ نہایت مجرب ہے۔
نسخہ :- بیربہوٹی' گھونگچی سفید' زہر میٹھا' بیخ پنجیلا' بیخ جنبہ' بیخ کنگنی' بیخ کنائی' بیخ اونٹ کٹارہ' بیخ آڑو' چربی شیر' چربی سور' چربی بکرا' چربی سوس :- ایک تین تولہ۔ سانڈہ 6 عدد۔ چگادڑ کلاں ایک عدد۔ جونک 4 عدد۔ سانپ کا مغز ایک عدد۔ نمک جھکنی 5 سیر۔ تیل کے گھڑے میں بھر کر روغن کشید کر لیں اور استعمال میں لائیں۔

طلاء ممسک و مقوی خاص الخاص (141)

جناب اکبر حسین صاحب الہ آبادی کا نسخہ ہے جو مجرب بھی ہے اور سہل استعمال بھی۔
نسخہ :- مار سیاہ قیمہ کردہ ایک عدد۔ سانڈھا دو عدد۔ ریگ ماہی 2 عدد۔ خراطین سرخ تازہ

10 تولہ۔ جونک 20 عدد۔ عود کلاں 2 عدد۔ بیربہوٹی 30 عدد۔ مال کنگنی 2 تولہ۔ کنجشک نر خانگی 3 عدد۔ ہڑتال طبقی 6 عدد۔ سم الفار نیل گی 3 ماشہ۔ جوہر کچلہ ایک ماشہ۔ شنگرف 2 ماشہ۔ سیماب 2 تولہ۔
تمام اجزاء کو باریک کر کے روغن حاصل کریں۔
ترکیب استعمال: چار رتی طلاء استعمال کر کے بنگلہ پان نیم گرم باندھیں۔ زیادہ سے زیادہ ایک ہفتہ میں قوت عود کر آئے گی۔ بے حد مجرب ہے۔

طلاء مقوی باہ (142)

باہ میں حیرت انگیز تقویت پیدا کرتا ہے۔
نسخہ :- عاقر قرحا' دارچینی ہر ایک چھ ماشہ۔ خراطین خشک' موصلی' پھوکر مول ہر ایک ایک تولہ۔ کتیرا' روغن قسط' موم سفید ہر ایک تولہ۔ زفت رومی 3 تولہ پہلے روغن موم کو کڑاہی میں ڈالیں اور گرم کریں۔ پھر زفت رومی ڈالیں اور پھر ادویہ باریک شدہ ملا کر دستہ آہنی سے حل کریں۔ مرہم کی طرح ہو گا۔ بوقت ضرورت قدرے مرہم اور بھیلا کا دودھ ملا کر آگ پر گرم کریں۔ جب تیل کی طرح ہو جائے۔
ترکیب استعمال: عضو پر طلا کر کے اوپر برگ پان نیم گرم باندھیں۔ تین چار گھنٹہ کے بعد پھر یہی عمل کریں۔ دن میں تین چار مرتبہ استعمال کریں شام کے وقت عضو کو گرم پانی سے دھو ڈالیں۔ آٹھ روز استعمال کریں۔

طلاء برق (143)

یہ بھی حکیم اکبر حسین صاحب الہ آبادی کا کامیاب ترین نسخہ ہے جس کے متعلق صاحب موصوف فرماتے ہیں۔ یہ وہ طلاء ہے جس کا نسخہ آج تک میری جانب سے کسی طبی رسالے میں شائع نہیں ہوا۔ میرے خاندان میں یہ نسخہ سلسلہ بسلسلہ چلا آتا ہے۔ میرے استاد جناب سید مہدی حسن صاحب علی اللہ مقامہ طبیب اول شفاخانہ شاہی سے مجھ کو ملا ہے اور جس کا میں نے بہت سے مریضوں پر تجربہ کیا ہے۔ یہ ایک راز ہے جس کو آج ظاہر کیا جاتا ہے۔ دراصل اس نسخہ کو حکیم علوی خاں رحمتہ اللہ علیہ نے بادشاہ کے لئے تیار کیا تھا۔ واقعی یہ چیز بادشاہوں کے لائق ہے۔ محنت سخت ہے لیکن لاگت کچھ نہیں۔ بنائیے اور اس عجیب و غریب شے سے فائدہ حاصل کیجئے اور بندگان خدا کو فائدہ پہنچائیے۔
نسخہ :- سیماب 3 تولہ۔ مصفیٰ و منقیٰ لے کر جس میں سیسہ جست یا قلعی یا کسی دھات کی آمیزش نہ ہو' سنگ ساق کی کھرل میں ڈال کر ہاتھی دانت کے دستہ سے مسلسل کھرل کریں ایک ماہ میں یا اس سے پہلے پارہ روغن ہو جائے گا۔ پھر اسے احتیاط سے بلوری شیشی میں

جس کا ڈھکنا بور کا ہو رکھیں۔

ترکیب استعمال: وقت ضرورت ایک یا دو رتی سب طرف لگائیں۔ پہلے ہی روز کے استعمال سے شدت کا نعوظ ہو گا۔ لیکن طبیعت پر قابو رکھ کر تین روز مسلسل استعمال کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کیسا ہی سست نامرد ہو گا تو وہ بھی مرد کامل بن جائے گا۔

(144) طلاء ملذذ

لذت کا اکسیری نسخہ ہے۔

نسخہ: زہرہ بلغ نر 4 عدد۔ عطر حنا' کافور' دانہ الائچی خورد برابر ملا کر طلا کریں۔ خشک ہونے پر مشغول ہوں۔ مقصد پورا ہو گا۔

(145) طلاء طلسمی

مریض کے جملہ بیرونی نقائص کی اصلاح و درستی کے لئے درحقیقت طلسمی اثرات ثابت ہوا ہے۔ کجی' سستی' لاغری وغیرہ عوارض کا عکسی علاج ہے۔ نہایت مفید و مجرب اور بے ضرر بے خطا اثرات کا حامل ہے۔

نسخہ: مال کنگنی' تخم اسپند ہر ایک تین تولہ۔ عقر قرحا 2 تولہ۔ قرنفل' بیر بہوٹی' جائفل' ماوزی' حب السلوک ہر ایک تولہ۔ تمام ادویات کو کوٹ چھان کر روغن کنجد میں جلائیں اور صاف کرلیں۔ اب اس میں روغن زردی بیضہ مرغ دو تولہ۔ روغن دارچینی ایک تولہ۔ شیرمدار ایک تولہ۔ سم الفار سائیدہ ایک ایک ماشہ چاروں (اقسام) ملا کر اور کچھ عرصہ کھرل کرکے رکھیں۔

ترکیب استعمال: حسب معمول 4 رتی یہ طلاء لگا کر بنگلہ پان باندھیں۔ اگر دانے نکل آئیں تو اس کا استعمال ترک کردیں پھر روغن چنبیلی چپڑ دیا کریں۔ دانوں کے افاقہ کے بعد پھر اس کا استعمال شروع کر دیں۔ تین چار مرتبہ استعمال کے بعد اس کا فائدہ محسوس ہونے لگتا ہے۔

(ع)

(146) عرق گزبل

مبہی اور مقوی اعضائے رئیسہ فوائد اور منافع کے اعتبار سے عجیب و غریب چیز ہے۔

نسخہ: گل گزبل آدھا پاؤ۔ بسباسہ' قرنفل' ثعلب مصری' دارچینی' بہمن ہر ایک ایک درم۔ کشمش نبات سفید ہر ایک آدھا پاؤ۔ آب باراں 2 سیر۔ تمام دواؤں کو جوکوب کر کے

ایک شیشی میں ڈالیں اور تین روز تک دھوپ میں رکھیں۔ یہاں تک کہ خوب جوش آ جائے۔ حسب ضرورت استعمال میں لائیے۔

(147) عرق چوب چینی

حکیم مسیح الزماں مرحوم و مغفور کی بیاض خاص کا نسخہ ہے۔ اعضائے رئیسہ یعنی دل و دماغ اور جگر کو تقویت دیتا ہے اور قوت باہ میں حیرت انگیز اضافہ کرتا ہے۔

نسخہ: چوب چینی پاؤ بھر۔ دارچینی پاؤ بھر۔ صندلین ایک پاؤ۔ مویز (منقیٰ) کشمش ایک پاؤ۔ عود ہندی ایک پاؤ۔ الائچی کلاں ایک پاؤ۔ قرنفل 2 مثقال۔ مشک ایک مثقال۔ گلاب 10 سیر۔ پانی 5 سیر بطریق معروف 5 سے 7 سیر عرق نکالیں۔

ترکیب استعمال: ایک کپ صبح نہار منہ۔

(ق)

(148) قرص مقوی

تقویت باہ اور اعضائے رئیسہ میں بہت مفید ہیں۔

نسخہ: شقاقل 2 تولہ۔ مایہ شتر' بہمن سفید ہر ایک چھ ماشہ۔ مایہ شتر اعرابی کو گلاب میں حل کر کے باقی ادویہ ملا کر شہد کے ہمراہ اکیس قرص بنائیں۔

ترکیب استعمال: ہر روز ایک قرص شیر گاؤ کے ساتھ دیں۔

(ک)

(149) کشتہ نقرہ

قوت باہ اور سرعت انزال کے لئے بے نظیر و لاجواب ہے۔

نسخہ: برادہ خالص چاندی سوہن کیا ہوا ایک تولہ۔ عرق بوٹی موہنی کھیتی ایک پاؤ میں اس قدر کھرل کریں کہ قرص بنانے کے قابل ہو جائے۔ اس کی ٹکیہ بنا کر بوٹی مذکور کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے بیس سیر کی آگ دیں۔ سات آنچ میں کشتہ شگفتہ ہو جاتا ہے۔ قبل از استعمال 40 یوم غلہ میں دفن کریں۔

مقدار خوراک: دو چاول' صبح مکھن یا بالائی میں استعمال کریں۔

کشتہ نقرہ (150)

قوت باہ اور اشتہا کے لئے مفید ہے۔ اور بدن کو قوت دیتا ہے۔
نسخہ :۔ ستیانی کے سالم پودے کو کوٹ کر اس کا تمام پانی نکال کر بوتلوں میں بھر دیں۔ جب کثافت تہ نشین ہو جائے تو اس کا ستوف کر لیں۔ برادہ نقرہ جس قدر چاہیں۔ اس پانی سے چار پہر تک کھرل کر کے قرص بنائیں اور ایک سیر اپلوں میں آگ دیں۔ پھر نکال کر بدستور آب ستیانی سے کھرل کر کے آگ دیں۔ چند بار کے عمل سے نقرہ کا عمدہ کشتہ ہو جائے گا۔
مقدار خوراک :۔ آدھی رتی ہمراہ مکھن دیں۔

(ل)

لبوب اکبر (151)

مشہور طبیب حکیم علوی خاں کی بیاض خاص کا نادر الوجود نسخہ ہے۔ اعضائے رئیسہ ارواح قوائے اور اعضائے تناسل کو تقویت دیتا ہے۔ منی پیدا کرتا ہے اور باہ میں اضافہ کرتا ہے۔ عجیب نسخہ ہے۔
نسخہ :۔ مغز بادام، مغز فندق مقشر، مغز پستہ مقشر، چلغوزہ مقشر، مغز خربزہ، مغز نارجیل، مغز نقل خورد ہر ایک پانچ مثقال۔ تودری زرد، زعفران، بزر البنج، ماہی شترا عرابی، عنبر اشہب ہر ایک نیم مثقال، تودری گلون، تخم انگور ہر ایک ایک مثقال، نبات سفید پانچ مثقال، عرق گاؤزبان، ماء اللحم، عرق بید مشک ہر ایک تین سیر بدستور تیار کریں۔
ترکیب استعمال : دو مثقال سے چار مثقال تک استعمال کریں۔

(م)

ماء اللحم (152)

مقوی باہ، مسمن بدن، مقوی اعضائے رئیسہ، مفرح مقلد و منشط ہے۔
نسخہ :۔ گوشت بزغالہ ساڑھے چار سیر۔ دراج 10 عدد۔ بٹیر 10 عدد۔ کنجشک نر 100 عدد۔ مرغ جوان فربہ 5 عدد۔
تمام کا پیٹ چاک کر کے خوب صاف کر لیں۔
دارچینی، دانہ الائچی خورد، زنجبیل، بادیان، گل سرخ، زیرہ سیاہ، قرنفل، مصطگی رومی ہر

ایک ایک تولہ، زعفران چھ ماشہ۔
تمام ادویہ کو نیم کوفتہ کر کے گوشت کے ساتھ رکھیں۔ روغن گاؤ بقدر ضرورت میں بھون لیں، سرخ ہونے پر دیگ قلعی شدہ میں ڈال دیں۔
عرق گلاب 3 سیر، عرق بید مشک 3 سیر، عرق بہار نارنج دو سیر، عرق گاؤزبان، آب نسنکو، ہر ایک پانچ سیر آب طلاء تاب بقدر ضرورت کو دیگ کے اندر ڈالیں۔
دارچینی، دانہ الائچی، زنجبیل، بادیان، شقاقل، مصری، بہمن سفید، بہمن سرخ، سازج ہندی، باد رنجبویہ، بنفشہ، گل گاؤزبان ہر ایک پانچ تولہ، زرنباد ساڑھے تین تولہ۔ اسارون تین تولہ۔ عنبر اشہب، زعفران ہر ایک ایک تولہ۔ مشک ساڑھے دس ماشہ نیم کوفتہ کر کے شامل کریں اور بطریق معروف کشید کریں۔
خوراک :۔ 5 تولہ استعمال کریں۔

ماء اللحم (153)

مقوی قلب و جگر و دماغ مقوی باہ اور اکسیر صفت ہے۔
نسخہ :۔ سنبل الطیب، سازج ہندی، بہمن سفید، بہمن سرخ، الائچی خورد، الائچی کلاں، دارچینی، عود صلیب، ترنج، گاؤزبان، زعفران، بوزیدان، اشنہ، صندل سفید، باد رنجبویہ، تخم فرنجمشک، کشنیز خشک، زرنباد، درونج عقربی، بادیان، مصطگی رومی، سعد کوفی ہر ایک نو ماشہ۔ ثعلب مصری، شقاقل مصری، گل سرخ، ابریشم مقرض ہر ایک ساڑھے چار ماشہ۔ حلوان جوان چوزہ مرغ، بٹیر ہر ایک دو عدد۔ تیتر سیاہ 7 عدد۔ عرق بید مشک ایک سیر۔ عرق گاؤزبان، آب سیب آب بہی ہر ایک ایک سیر۔ مشک، عنبر ہر ایک ساڑھے تین ماشہ اضافہ کریں اور بدستور معروف عرق کشید کریں۔
مقدار خوراک :۔ حسب برداشت طبیعت استعمال کریں۔

معین حمل (154)

استقرار حمل کے لئے اکسیر صفت ہے۔
نسخہ :۔ سونف 20 تولہ۔ ریش پیپل 20 تولہ۔ شکر سرخ 20 تولہ۔ باریک سفوف بنائیں۔ شروع حیض سے میاں بیوی بقدر ڈیڑھ تولہ استعمال کریں۔ دس دن استعمال کر کے گیارھویں دن مواصلت (جماع) کریں۔ اسی روز حمل قرار پائے گا۔ انشاء اللہ بالکل مفید ہے۔ کئی مرتبہ کا تجربہ شدہ ہے۔

ممسک لاجواب (155)

نسخہ :۔ آب پوست، بیخ دھاک 4 تولہ میں لونگ ایک تولہ بھگو کر خشک کریں۔ اسی طرح

پانچ مرتبہ چار چار تولہ پانی ڈال کر خشک کرلیں۔
ترکیب استعمال: ان لونگوں میں سے ایک لونگ کھانے سے ایک گھنٹہ اور دو گھنٹے سے دو گھنٹہ امساک ہو گا۔

(156) ممسک بے ضرر

اس مقصد کے لئے عموماً نشہ آور چیزیں کامیاب تسلیم کی جاتی ہیں' جو بعد میں زیادہ نقصان دہ ثابت ہوتی ہیں۔
ذیل کی ترکیب سے تخم لاجونتی استعمال کریں اور دیکھیں کہ کس طرح سے کوڑیوں کے مول کی دوا اشرفیوں کے نسخے' سے زیادہ بلا مضرت فائدہ پہنچاتی ہے۔
نسخہ: تخم لاجونتی 3 ماشہ۔ مصری 6 ماشہ یہ ایک خوراک ہے۔ متواتر ایک دو ہفتہ اسی طرح صبح و شام سفوف کر کے شیر گاؤ سے استعمال کریں' انشاء اللہ قدرتی امساک ہو گا۔
نوٹ: اگر کوئی خرابی پہلے سے موجود ہو تو اسے رفع پہلے ہی کر لینا چاہئے۔

(157) مفرح مسیحی

منی کو زیادہ کرتا ہے' مقوی باہ ہے اور مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ بھوک بڑھاتا ہے۔ مجرب اور اکسیر صفت ہے۔
نسخہ: برگ فرنجمشک' گاؤزبان' بادرنجبویہ' تخم خرفہ' گل سرخ ہر ایک ڈیڑھ تولہ' خولنجان' کبابہ' قرنفل' جائفل' الائچی خورد' تخم فرنجمشک' پوست ترنج' ثعلب مصری' لسان العصافیر' جاوتری ہر ایک 3 ماشہ' سنبل الطیب' کہربا شمعی' مروارید' ناسفتہ' ہر ایک 7 ماشہ۔ زنجبیل' فلفل دراز' گل سیوتی' لعل بدخشانی' کہربا' بسد ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔ مشک' ورق نقرہ ہر ایک سوا دو ماشہ۔ باریک کر کے روغن بادام اصلی 10 تولہ میں چرب کریں۔ عسل خالص سہ چند ادویہ کو قوام دیں اور بطریق معروف مفرح تیار کریں۔
مقدار خوراک: تین ماشہ۔

(158) مفرح طرب المجالس

انتہائی عجیب و غریب مفرح ہے' تمام اطبائے ہند اس پر اعتماد کرتے ہیں۔ تقویت باہ' تفریح قلب اور تقویت معدہ میں اپنی نظیر آپ ہے۔ نشاط پیدا کرنے میں بھی لاجواب ہے۔
نسخہ: مشک خالص ایک مثقال' ورق طلا' ورق نقرہ' یاقوت رمانی لعل بدخشاں' مروارید' ناسفتہ' بسد کہربا ہر ایک دو مثقال' کہربا شمعی' گل ارمنی' ہر ایک ایک مثقال' بہمنین' درونج عقربی' بادرنجبویہ' گاؤزبان' گل گاؤزبان' گل سرخ' صندلین' طباشیر' کبابہ' قرنفل'

زرنب' دارچینی' برگ شاہ سفرم' تودرین' مرزنجوش' ساذج ہندی' گل بستاں افروز' عود خام سد کوفی' سنبل الطیب' زعفران' مصطگی' حب الآس ہر ایک 3 مثقال' خمیرہ الثعلب' خشخاش سفید ہر ایک 10 مثقال۔ شربت فواکہ جزو اعظم کہلاتا ہے۔ نصف درم کل ادویہ سے سہ چند عسل مقوم میں بطریق معروف معجون تیار کریں اور جزو اعظم کی جگہ مدفن قلب استعمال میں لائیں۔ تو اور بھی خوش ذائقہ ہو جائے گا۔
مقدار خوراک: شام کو کھانا کھانے کے بعد یا بوقت صبح 3 ماشہ سے 6 ماشہ تک ہمراہ شیر تازہ ایک پاؤ استعمال کریں۔
خصوصی نوٹ: اس سے تولید خون بکثرت ہو گا۔ غذا مرغن' جزو بدن ہو گی۔ چہرے کا رنگ خوشنما اور صاف ہو گا۔

(159) معجون جریان

یہ دوا جریان بلکہ نامردی تک کے لئے نافع بخش ہے۔
نسخہ: عاقر قرحا تین تولہ' خولنجان 3 تولہ۔ جائفل 3 تولہ۔ ثعلب مصری' زعفران' شقاقل' بہمن سرخ' بہمن سفید' تودری سرخ' تودری سفید ہر ایک دو تولہ۔ جاوتری دو تولہ۔ مچلی ڈیڑھ تولہ۔ مصطگی ڈیڑھ تولہ۔ تخم ہلیون اصلی ڈیڑھ تولہ۔ تخم گاجر ایک تولہ۔ مغز بنولہ' مغز بادام' مغز چلغوزہ ہر ایک آٹھ تولہ۔ اسگندھ ناگوری تین تولہ' کنجد سفید 4 تولہ۔ زنجبیل 2 تولہ۔ تخم انجیر 2 تولہ سمندر سوکھ ایک تولہ۔ مشک تبتی 6 ماشہ۔ مصری 50 تولہ۔ شہد 15 تولہ سب کو باریک پیس کر بطریق معروف معجون بنائیں۔
مقدار خوراک: 6 ماشہ سے ایک تولہ صبح و شام۔

(160) معجون دافع سیلان

سیلان منی کو رفع کرتی ہے۔ بھوک خوب لگاتی ہے اور نہایت مقوی ہے۔
مغز تخم کونچ سفید توضا سیر شاہجہانی' موصلی سیاہ آدھ سیر شاہجہانی دار فلفل پاؤ سیر شاہجہانی گائے کا دودھ پانچ سیر شاہجہانی۔
تمام اجزا کو کوٹ چھان کر دودھ میں جوش کریں کہ سب دودھ جذب ہو جائے۔ بعدہ دارچینی ایک درم چانٹہ عاقر قرحا' قرنفل الائچی خورد ہر ایک ایک درم چانٹہ باریک پیس کر شکر سفید ہم وزن ادویہ ملا کر معجون بنائیں۔
خوراک: دس ماشہ سے 21 ماشہ تک۔

(161) معجون لقرہ

مسیح الملک حکیم محمد جمیل خاں خلف الرشید مسیح الملک حکیم حافظ محمد اجمل خاں کی

خفقان بارد میں بیاض کا کامیاب ترین نسخہ ہے۔ دل و دماغ اور باہ کو بہت تقویت دیتا ہے۔ مفید ہے۔

نسخہ :۔ عنبر خاص ایک تولہ۔ مشک خاص ایک تولہ۔ ورق نقرہ 5 تولہ۔ نبات سفید 20 تولہ بطریق معروف معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک :۔ صبح و شام ایک ایک ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان۔

معجون سبز (162)

نہایت مغلظ مقوی ہے۔ نیز قدرے ممسک بھی۔

نسخہ :۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ موچرس، ثعلب مصری، سمندر سوکھ، مغز بادام شیریں ہر ایک 3 تولہ۔ ستاور چھ تولہ۔ زنجبیل، خولنجان ہر ایک ڈیڑھ تولہ، کشمش کو علیحدہ پیس کر اور شکر سفید آدھا سیر کا قوام کر کے شامل کر دیں۔

ترکیب استعمال : بقدر 2 تولہ شیر گاؤ کے ہمراہ جس میں چھوارے تین عدد جوش دیئے گئے ہوں، استعمال کریں۔

معجون مسکی (163)

ضعف گردہ و مثانہ اور سرعت انزال کے لئے نہایت مفید ہے۔ طب یونانی کی کامیاب ترین اور مشہور دوا ہے۔

نسخہ :۔ بوزیدان 4 تولہ۔ آملہ، اذخر مکی، خار خسک، جادتری، خولنجان، تج، حب بلسان ہر ایک 6 ماشہ۔ تخم سورد ہر ایک 4 تولہ۔ دارچینی، زنجبیل ہر ایک 6 ماشہ کوٹ چھان کر سہ چند شہد خالص میں معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک :۔ 7 ماشہ رات کو سوتے وقت۔

معجون کشمش (164)

باہ کو قوت دیتی ہے۔ منی پیدا کرتی ہے اور رقت کو نفع کرتی ہے۔

نسخہ :۔ موچرس، ثعلب مصری، سمندر سوکھ، موصلی سیاہ، موصلی سفید، مغز بادام ہر ایک پانچ درم۔ ستاور دس درم۔ زنجبیل، خوجان ہر ایک ڈھائی درم۔ کشمش آدھا سیر۔ قند سفید ایک سیر۔ مقررہ اصول کے مطابق معجون تیار کریں۔

ترکیب استعمال : دو سے تین تولے تک چھوارا جوش دیئے ہوئے گاڑھے دودھ میں ایک تولہ کی مقدار ملا کر استعمال کریں۔

معجون پیاز (165)

آلات منی کی برودت سے جو ضعف باہ واقع ہوتا ہے۔ اس کو بہت زیادہ فائدہ مند اور مجرب ہے۔

نسخہ :۔ زنجبیل، شقاقل، خولنجان، تخم جرجیر، زرورک، تخم ہلیون مساوی الوزن۔ شہد خالص، آب پیاز ہر ایک دو چند ادویہ بطریق معروف معجون بنائیں۔

مقدار خوراک :۔ 9 ماشہ۔

معجون اسپند سوختنی (166)

مقوی باہ ہے۔ نعوظ سخت لاتی ہے۔ عضو میں چمڑی کی طرح سختی پیدا ہو جاتی ہے۔

نسخہ :۔ دارچینی، اسپند سوختنی، جلوتری، جائفل، لونگ ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ کنجد سیاہ مقشر 2 تولہ باریک کر کے شہد خالص سہ چند وزن میں بطریق معروف معجون بنائیں۔

مقدار خوراک :۔ ڈیڑھ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ نیم سیر۔ ترش اشیاء اور جماع سے پرہیز کریں۔

معجون مقوی باہ (167)

جلق، اغلام یا جماع کی زیادتی سے عضو مخصوص کمزور ہو گیا ہو یا کسی دوسری وجہ سے مجامعت کی قابلیت نہ باقی ہو تو اس معجون کو استعمال کریں۔ انشاء اللہ فائدہ ہو گا۔

نسخہ :۔ دارچینی، ثعلب مصری، شقاقل، جوزبوا، مصطگی، اندرجو، زعفران، دار فلفل، بوزیدان، گلسرخ، بہمنین، تخم ہلیون، تخم گندر ہر ایک دو مثقال۔ مشک ایک دانگ۔ عنبر اشہب ایک دانگ۔ مغز حب القلقل تین درم۔ بھنگ 25 مثقال۔ شہد سہ وزن ادویہ میں معجون بطریق مشہور تیار کریں۔ اور اگر زنجبیل دو مثقال زرنباد ایک مثقال۔ قرنفل، تخم ترب ہر ایک پانچ مثقال اضافہ کریں اور مشک بجائے ایک دانگ کے ایک مثقال ڈالیں تو بہت زیادہ مقوی ہو گی۔

معجون ممسک (168)

کافی امساک پیدا کرتی ہے۔ ضرورت مند اصحاب کے لیے عجیب و غریب چیز ہے۔

نسخہ : دارچینی، مصطگی رومی، جوزبوا، سنبل، عود ہر ایک ایک ماشہ۔ مشک خالص ایک دانگ۔ کالا دانہ سفید 4 عدد۔ بزر البنج سفید 9 ماشہ۔ کباب چینی 9 ماشہ۔ پوست خشخاش ایک تولہ۔ مایہ شتر اعرابی ڈیڑھ تولہ۔ زعفران 9 ماشہ۔ بلوط ایک تولہ۔ مصری ڈیڑھ سیر شہد ہم وزن ادویہ میں قوام کر کے ملا دیں۔

مقدار خوراک : 5 ماشہ صبح کو ہمراہ دودھ۔

معجون مقوی باہ (169)

تقویت باہ کے لیے اور اعضائے رئیسہ کے لئے نادر روزگار تحفہ ہے۔

نسخہ: ثعلب مصری، شقاقل مصری، خرفہ، جوزبوا، خولنجان، دارچینی، قرنفل، عقر قرحا، زنجبیل، موصلی سیاہ ہر ایک نیم درم۔ مغز نارجیل، مغز بادام، مغز چلغوزہ، مغز پستہ ہر ایک آدھا پاؤ۔ شیر ماد گاؤ پانچ سیر۔ شکر سفید سہ چند ادویہ۔ اول دودھ کا کھویا بنائیں۔ بعدہ شکر سفید ملا دیں۔ جب خوب مل جائیں اس وقت سفوف ادویہ ملا کر معجون تیار کریں اور بقدر دو درم صبح کھایا کریں۔ انشاء اللہ خاطر خواہ فائدہ ہو گا۔

معجون مقوی باہ (170)

مغلظ شدید ہے۔ مقوی باہ اعلیٰ درجہ کی ہے۔ اگر دس سال کا نامرد بھی چند روز استعمال کرلے تو ازالہ بکارت پر قابو پا لیتا ہے۔

نسخہ: دارچینی، ثعلب مصری، شقاقل مصری، مصطگی رومی، لسان العصافیر، فلفل دراز، بوزیدان، زنجبیل، زرنباد، گل سرخ، بہمن سرخ، بہمن سفید، تخم ہلیون، تخم گندر ہر ایک 9 ماشہ۔ مشک 4 رتی۔ عنبر اشہب ساڑھے تین ماشہ۔ مغز حب القلقل، لونگ ہر ایک ساڑھے دس ماشے۔ بھنگ ساڑھے سات تولے۔ عسل سہ چند بدستور معروف معجون بنا لیں۔

مقدار خوراک: 3 ماشہ سے 6 ماشہ تک۔

معجون مقوی (171)

دل اور دماغ اور اعصاب کی تقویت کے لیے مجرب النفع اور معمولہ مطب ہے۔

نسخہ: شقاقل مصری، ثعلب مصری، بہمن سفید، بہمن سرخ، تودری زرد، تودری سرخ، مصطگی رومی، خولنجان، تخم ریحان، تخم ہلیون، تخم بالنگو، مروارید اصلی، دانہ ہیل ہر ایک چھ ماشہ۔ مربہ آملہ 1 عدد۔ آب انار شیریں ڈیڑھ پاؤ۔ شربت سیب 6 تولے۔ قند سفید آدھا سیر کو عرق گلاب ایک پاؤ میں قوام کر کے مربہ اور تمام ادویہ سائیدہ شامل کر کے۔

مقدار خوراک: بقدر 9 ماشہ صبح و شام عرق گاؤزبان یا آب تازہ سے استعمال کریں۔

معجون مقوی باہ (172)

یہ معجون تقویت باہ اور تولید منی اور تغلیظ کے لیے لاجواب ثابت ہوئی ہے۔ کئی مرتبہ کی تجربہ شدہ ہے۔

نسخہ: آملہ، حنظل، اسگند ناگوری، خار خسک خورد، موصلی سنبھل، بھو پھلی، گل ببول، پوست

ببول، پوست سنگھاڑہ، بیج برگد، تل کھانا، بیج تل، بہمنساں، نیم کوفتہ کر کے بیس سیر پانی میں جوش دیں۔ تاکہ سب دوائیں گل جائیں۔ پس مل چھان کر اس کا فضلہ نکال کر اور باقی پانی میں عسل خالص نبات سفید شامل کر کے قوام کریں۔ بعدہ مغز پستہ، مغز نارجیل، چرونجی، مغز چلغوزہ، مغز فندق، مغز چہ وان، مغز تخم انگن، اندر جو شیریں، ثعلب مصری، شقاقل مصری، گوند ڈھاک، بہمن سفید، بہمن سرخ، موصلی سفید، موصلی سیاہ، بیج بند، گجراتی، طباشیر، سبوس اسپغول، مغز تخم تمر ہندی، الائچی خورد، سلاجیت، ستاور، جوزبوا، زنجبیل، ببسلہ، زعفران کوٹ چھان کر اضافہ کر کے معجون بنائیں۔

مقدار خوراک: چھ ماشہ سے ایک تولہ تک۔

معجون مغلظ (173)

سرعت و رقت کو رفع کرنے میں مجرب المجرب ہے۔

نسخہ: موصلی سیاہ، مازو سبز، موصلی سنبھل، خار خسک، کرکس موچرس، صمغ عربی، مصطگی، کتیرا، طباشیر، نشاستہ، بہمن سرخ، تالمکھانہ، ستاور، موصلی سفید، مرچ دکھنی، الائچی خورد، مغز تخم ہندی کلاں، بیج بند، سپاری کلاں، بھوپھلی ہر ایک ایک تولہ۔ ثعلب مصری، شقاقل چار تولہ۔ ورق نقرہ ایک دفتری کلاں، مصری سفید، شہد خالص سہ چند ادویہ بدستور معجون بنائیں۔

مقدار خوراک: 9 ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ۔

معجون منشی (174)

تقویت باہ و اعضاء رئیسہ امساک منی میں بے نظیر ہے۔

نسخہ: مروارید ناسفتہ، یاقوت رمانی، مرجان، کہرباء، زمرد سبز عقیق زرد، یاقوت سبز، لاجورد مغسول ہر ایک 9 ماشہ۔ اول ان ادویہ کو کھرل کریں۔

گاؤزبان، گل گاؤزبان، ابریشم مقرض، بہمن سفید، بہمن سرخ، تودری سفید، تودری زرد، تودری سرخ، شقاقل، مصطگی، قرنفل، خصیۃ الثعلب، دارچینی ہر ایک دو تولے۔ زعفران، مشک، عنبر اشہب ہر ایک ساڑھے چار ماشہ۔ ورق نقرہ، ورق طلا ہر ایک سات ماشہ۔ چوب چینی قسم اول 25 مثقال۔ صندل سفید، کدو خورد، تخم خشخاش سفید، تخم ہلیون، مغز پستہ ہر ایک 9 ماشہ۔ شہد ہم وزن ادویہ۔ ترنجبین خراسانی ڈیڑھ تولے۔ قند سفید ہم وزن ادویہ۔

ترنجبین خراسانی و شہد و قند سفید اول قوام کریں۔ بعدہ روغن حرمل 17 تولے اس میں شامل کریں اور آخر قوام میں یہ سفوف جملہ ادویہ ملا کر معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک: 3 تا 6 ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔

(175) معجون لبوب کبیر

نہایت مقوی باہ اور مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔

نسخہ: مشک خالص 6 رتی۔ دارچینی' سنبل الطیب' لونگ اسارون' جاوتری' کباب چینی' سعد کوفی' تخم خرفہ' قلفل دراز' عود ہندی' جائفل' نار مشک' عنبر اشہب' زعفران ہر ایک ساڑھے چار ماشہ۔ زنجبیل' بوزیدان' قسط شیریں مغز حب الزلم درونج' عقربی' حب بلسان' قلفل سفید' مغز خربزہ' مغز تخم خیارین' تخم گندر' تخم پیاز' تخم شلغم' تخم رطبہ' خشخاش سفید' مغز خشک دانہ ہر ایک دو تولہ۔ تخم ترہ' تیزک' تخم شبت' تخم گندنا' تخم ہلیون ہر ایک ایک سات ماشہ۔ شقاقل مصری' خولنجان' ثعلب مصری' بہمن سفید' وج ترکی' تودری' سرخ لسان العصافیر ہر ایک ساڑھے دس ماشہ۔ حبتہ الخضرا' مغز بادام' مغز پستہ' مغز چلغوزہ' مغز پنبہ دانہ ہر ایک دو تولہ۔ باریک کرکے عسل سہ چند میں بطریق معروف معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک: 9 ماشہ سے ایک تولہ تک۔

(176) مرہم جذام

جذام کے لیے یہ مرہم کی اثرات کا حامل ہے۔

روغن چال موگرا ایک درہم۔ مرہم شادہ ایک اونس ملا کر خوب گھوٹیں۔ مرہم تیار ہے۔ انتہائی احتیاط کے ساتھ مقام ماؤف پر لگائیں۔

خواص کتب:۔ حکیم محمد عبداللہ

گھریلو اشیاء کے خواص، پھلوں اور سبزیوں کے خواص، درختوں اور پودوں کے خواص

کتاب	قیمت	کتاب	قیمت
(۱) خواص شہد	20/=	(۲۵) خواص شہتوت	6/=
(۲) خواص دہی	20/=	(۲۶) خواص نیم	15/=
(۳) خواص دودھ	15/=	(۲۷) خواص کدو	8/=
(۴) خواص تمباکو	15/=	(۲۸) خواص گھیکوار	25/=
(۵) خواص سونف	15/=	(۲۹) خواص پیپل	10/=
(۶) خواص گھی	10/=	(۳۰) خواص برگد	12/=
(۷) خواص ہلدی	10/=	(۳۱) خواص آک	20/=
(۸) خواص مہدی	8/=	(۳۲) خواص ستیاناسی	10/=
(۹) خواص نمک	[illegible]	([illegible]) خواص گل سرخ	20/=
(۱۰) خواص پھٹکری	[illegible]	([illegible]) خواص بادام	20/=
(۱۱) خواص لیموں	[illegible]	([illegible]) خواص سرس	15/=
(۱۲) خواص سنگترہ	[illegible]	([illegible]) خواص کیکر	20/=
(۱۳) خواص گاجر	[illegible]	(۳۷) خواص ارنڈ	20/=
(۱۴) خواص کافور	[illegible]0/=	(۳۸) خواص دھتورہ	15/=
(۱۵) خواص انار	15/=	(۳۹) خواص اندرائن	20/=
(۱۶) خواص آم	15/=	(۴۰) خواص ریٹھہ	15/=
(۱۷) خواص پیاز	10/=	(۴۱) خواص کوڑی	15/=
(۱۸) خواص لہسن	10/=	(۴۲) خواص چونا قلعی	15/=
(۱۹) خواص انگور	10/=	(۴۳) خواص ادرک	20/=
(۲۰) خواص تربوز	8/=	کشتہ جات کی پہلی کتاب۔	20/=
(۲۱) خواص مرچ	15/=	پرہیز اور غذا	10/=
(۲۲) خواص مولی	10/=	تحفۂ گرما	30/=
(۲۳) خواص سیب	8/=	طلفیہ مجربات	30/=
(۲۴) خواص دھنیا	8/=	گنجینۂ روزگار	20/=
ہندوستان و پاکستان کی جڑی بوٹیاں	125/=	کنزالمرکبات	100/=